© rasailojaraid.com


# تفہیم القرآن

## السجدہ

نام | آیت ۱۵ میں سجدہ کا جو مضمون آیا ہے اسی کو سورہ کا عنوان قرار دیا گیا ہے۔

زمانۂ نزول | انداز بیان سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس کا زمانۂ نزول مکہ کا دورِ متوسط ہے، اور اُس کا بھی ابتدائی زمانہ، کیونکہ اس کلام کے پس منظر میں ظلم وستم کی وہ شدت نظر نہیں آتی جو بعد کے ادوار کی سورتوں کے پیچھے نظر آتی ہے۔

موضوع اور مباحث | سورہ کا موضوع توحید، آخرت اور رسالت کے متعلق لوگوں کے شبہات کو رفع کرنا اور ان تینوں حقیقتوں پر ایمان کی دعوت دینا ہے۔ کفارِ مکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق آپس میں چرچے کر رہے تھے کہ یہ شخص عجیب عجیب باتیں گھڑ گھڑ کر سنا رہا ہے۔ کبھی مرنے کے بعد کی خبریں دیتا ہے اور کہتا ہے کہ مٹی میں رل مل جانے کے بعد تم پھر اٹھائے جاؤ گے اور حساب کتاب ہوگا اور دوزخ ہوگی اور جنت ہوگی۔ کبھی کہتا ہے کہ یہ دیوی دیوتا اور بزرگ کوئی چیز نہیں ہیں، بس اکیلا ایک خدا ہی معبود ہے۔ کبھی کہتا ہے کہ میں خدا کا رسول ہوں، آسمان سے مجھ پر وحی آتی ہے اور یہ کلام جو میں تم کو سنا رہا ہوں، میرا کلام نہیں بلکہ خدا کا کلام ہے۔ یہ عجیب افسانے ہیں جو یہ شخص ہمیں سنا رہا ہے — انہی باتوں کا جواب اس سورہ کا موضوع بحث ہے۔

اس جواب میں کفار سے کہا گیا ہے کہ بلاشک وریب یہ خدا ہی کا کلام ہے اور اس لیے نازل کیا گیا ہے کہ نبوت کے فیض سے محروم، غفلت میں پڑی ہوئی ایک قوم کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جوڑ لیا جائے۔ اسے تم افترا کیسے کہہ سکتے ہو جبکہ اس کا منزّل من اللہ ہونا ظاہر و باہر ہے۔

پھر ان سے فرمایا گیا ہے کہ یہ قرآن جن حقیقتوں کو تمہارے سامنے پیش کرتا ہے، عقل سے کام لیکر خود سوچو کہ ان میں کیا چیز اچنبھے کی ہے۔ آسمان و زمین کے انتظام کو دیکھو، خود اپنی پیدائش اور بناوٹ پر غور کرو، کیا یہ سب کچھ اُس تعلیم کی صداقت پر شاہد نہیں ہے جو اس نبی کی زبان سے اِس قرآن میں تم کو دی جا رہی ہے؟ یہ نظامِ کائنات توحید پر دلالت کر رہا ہے یا شرک پر؟ اور اس سارے نظام کو دیکھ کر اور خود اپنی پیدائش پر نگاہ ڈال کر کیا تمہاری عقل یہی گواہی دیتی ہے کہ جس نے اب تمہیں پیدا کر رکھا ہے وہ پھر تمہیں پیدا نہ کر سکے گا؟

پھر عالمِ آخرت کا ایک نقشہ کھینچا گیا ہے اور ایمان کے ثمرات اور کفر کے نتائج و عواقب بیان کر کے یہ ترغیب دلائی گئی ہے کہ لوگ بُرا انجام سامنے آنے سے پہلے کفر چھوڑ دیں اور قرآن کی اُس تعلیم کو قبول کر لیں جسے مان کر خود اُن کی اپنی ہی عاقبت درست ہو گی۔

پھر ان کو بتایا گیا ہے کہ یہ اللہ کی بڑی رحمت ہے کہ وہ انسان کے قصوروں پر یکایک آخری اور فیصلہ کن عذاب میں اسے نہیں پکڑ لیتا بلکہ اُس سے پہلے چھوٹی چھوٹی تکلیفیں، مصیبتیں، آفات اور نقصانات بھیجتا رہتا ہے، ہلکی ہلکی چوٹیں لگاتا رہتا ہے، تاکہ اسے تنبیہ ہو اور اس کی آنکھیں کھل جائیں۔ آدمی اگر ان ابتدائی چوٹوں ہی سے ہوش میں آجائے تو اس کے اپنے حق میں بہتر ہے۔

پھر فرمایا کہ دنیا میں یہ کوئی پہلا اور انوکھا واقعہ تو نہیں ہے کہ ایک شخص پر خدا کی طرف سے کتاب آئی ہو۔ اس سے پہلے آخر موسیٰ (علیہ السلام) پر بھی تو کتاب آئی تھی جسے تم سب لوگ جانتے ہو۔ یہ آخر کونسی ایسی بات ہے کہ اس پر تم لوگ یوں کان کھڑے کر رہے ہو۔ یقین مانو کہ یہ کتاب خدا ہی کی طرف سے آئی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہے اور خوب سمجھ لو کہ اب پھر وہی کچھ ہو گا جو موسیٰ کے عہد میں ہو چکا ہے۔ امامت و پیشوائی اب انہی کو نصیب ہو گی جو اس کتابِ الٰہی کو مان لیں گے۔ اسے ردّ کر دینے والوں کے لیے ناکامی مقدر ہو چکی ہے۔

پھر کفارِ مکہ سے کہا گیا ہے کہ اپنے تجارتی سفروں کے دوران میں تم جن پچھلی تباہ شدہ قوموں کی بستیوں پر سے گزرتے ہو ان کا انجام دیکھ لو۔ کیا یہی انجام تم اپنے لیے پسند کرتے ہو؟ ظاہر سے دھوکا نہ کھاؤ۔ آج تم دیکھ رہے ہو کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی بات چند لڑکوں اور چند غلاموں اور غریب لوگوں کے سوا کوئی نہیں سُن رہا ہے اور ہر طرف سے ان پر طعن اور ملامت اور پھبتیوں کی بارش ہو رہی ہے۔ اس سے تم یہ سمجھ بیٹھے ہو کہ یہ چلنے والی بات نہیں ہے، چار دن چلے گی اور پھر ختم ہو جائے گی۔ لیکن یہ محض تمہاری نظر کا دھوکا ہے۔ کیا یہ تمہارا رات دن کا مشاہدہ نہیں ہے کہ آج ایک زمین بالکل بے آب و گیاہ پڑی ہے جسے دیکھ کر گمان تک نہیں ہوتا کہ اس کے پیٹ میں روئیدگی کے خزانے چھپے ہوئے ہیں، مگر کل ایک ہی بارش میں وہ اس طرح پھبک اٹھتی ہے کہ اس کے چپے چپے سے نمو کی طاقتیں پھوٹنی شروع ہو جاتی ہیں۔

خاتمۂ کلام پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کر کے فرمایا گیا ہے کہ یہ لوگ تمہاری باتیں سُن کر مذاق اڑاتے ہیں اور پوچھتے ہیں کہ حضرت، یہ فیصلہ کن فتح آپ کو کب نصیب ہونے والی ہے، ذرا تاریخ تو ارشاد ہو۔ ان سے کہو کہ جب ہمارے اور تمہارے فیصلے کا وقت آ جائے گا اس وقت ماننا تمہارے لیے کچھ بھی مفید نہ ہو گا۔ ماننا ہے تو اب مان لو۔ اور آخری فیصلے ہی کا انتظار کرنا ہے تو بیٹھے انتظار کرتے رہو۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اللہ کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے

## ا ل م – اس کتاب کی تنزیل اس میں کوئی شک نہیں کہ رب العٰلمین کی طرف سے ہے[له]

[له] قرآن مجید کی متعدد سورتیں اس طرح کے کسی نہ کسی تعارفی فقرہ سے شروع ہوتی ہیں جس سے مقصود آغازِ کلام ہی میں یہ بتانا ہوتا ہے کہ یہ کلام کہاں سے آ رہا ہے۔ یہ بظاہر اسی طرز کا ایک تمہیدی فقرہ ہے جیسے ریڈیو پر اعلان کرنے والا پروگرام کے آغاز میں کہتا ہے کہ ہم فلاں اسٹیشن سے بول رہے ہیں۔ لیکن ریڈیو کے اس معمولی سے اعلان کے برعکس قرآن مجید کی کسی سورت کا آغاز جب اس غیر معمولی اعلان سے ہوتا ہے تو یہ محض مصدرِ کلام کا بیان ہی نہیں ہوتا بلکہ اس کے ساتھ اس میں ایک بہت بڑا دعویٰ، ایک عظیم چیلنج اور ایک سخت اِنذار بھی شامل ہوتا ہے۔ اس لیے کہ وہ چھوٹتے ہی اتنی بڑی خبر دیتا ہے کہ یہ انسانی کلام نہیں ہے، خداوندِ عالم کا کلام ہے۔ یہ اعلان فوراً ہی یہ بھاری سوال آدمی کے سامنے لاکھڑا کرتا ہے کہ اس دعوے کو تسلیم کروں یا نہ کروں۔ تسلیم کرتا ہوں تو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اس کے آگے سرِ اطاعت جھکا دینا ہوگا، پھر میرے لیے اس کے مقابلے میں کوئی آزادی باقی نہیں رہ سکتی۔ تسلیم نہیں کرتا تو لامحالہ یہ خطرۂ عظیم مول لیتا ہوں کہ اگر واقعی یہ خداوندِ عالم کا کلام ہے تو اسے رد کرنے کا نتیجہ مجھ کو ابدی شقاوت و بدبختی کی صورت میں دیکھنا پڑے گا۔ اس بنا پر یہ تمہیدی فقرہ مجرد اپنی اس غیر معمولی نوعیت ہی کی بنا پر آدمی کو مجبور کر دیتا ہے کہ چوکنا ہو کر انتہائی سنجیدگی کے ساتھ اس کلام کو سنے اور یہ فیصلہ کرے کہ اس کو کلامِ الٰہی ہونے کی حیثیت سے تسلیم کرنا ہے یا نہیں۔

یہاں صرف اتنی بات کہنے پر اکتفا نہیں کیا گیا ہے کہ یہ کتاب رب العٰلمین کی طرف سے نازل ہوئی ہے، بلکہ مزید براں پورے زور کے ساتھ یہ بھی فرمایا گیا ہے کہ لَا رَیْبَ فِیْہِ۔ بیشک یہ خدا کی کتاب ہے، اس کے منزّل من اللہ ہونے میں قطعاً کسی شک کی گنجائش نہیں ہے۔ اس تاکیدی فقرے کو اگر نزولِ قرآن کے واقعاتی پس منظر اور خود قرآن کے اپنے سیاق میں دیکھا جائے تو محسوس ہوتا ہے کہ اس کے اندر دعوے کے ساتھ دلیل بھی مضمر ہے۔ اور یہ دلیل مکہ معظمہ کے اُن باشندوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس شخص نے اسے خود گھڑ لیا ہے؟ نہیں، بلکہ یہ حق ہے

سے پوشیدہ نہ تھی جن کے سامنے یہ دعویٰ کیا جا رہا تھا۔ اس کتاب کے پیش کرنے والے کی پوری زندگی اُن کے سامنے تھی، کتاب پیش کرنے سے پہلے کی بھی اور اس کے بعد کی بھی۔ وہ جانتے تھے کہ جو شخص اس دعوے کے ساتھ یہ کتاب پیش کر رہا ہے وہ ہماری قوم کا سب سے زیادہ راستباز، سنجیدہ اور پاک سیرت انسان ہے۔ وہ یہ بھی جانتے تھے کہ دعوائے نبوت سے ایک دن پہلے تک بھی کسی نے اس سے وہ باتیں کبھی نہ سنی تھیں جو دعوائے نبوت کے بعد یکایک اس نے بیان کرنی شروع کر دیں۔ وہ اس کتاب کی زبان اور طرزِ بیان میں اور خود محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان اور طرزِ بیان میں نمایاں فرق پاتے تھے اور اس بات کو بداہۃً جانتے تھے کہ ایک ہی شخص کے دو اسٹائل اتنے صریح فرق کے ساتھ نہیں ہو سکتے۔ وہ اس کتاب کے انتہائی معجزانہ ادب کو بھی دیکھ رہے تھے اور اہلِ زبان کی حیثیت سے خود جانتے تھے کہ ان کے سارے ادیب اور شاعر اس کی نظیر پیش کرنے سے عاجز ہیں۔ وہ اس سے بھی ناواقف نہ تھے کہ ان کی قوم کے شاعروں، کاہنوں اور خطیبوں کے کلام میں اور اس کلام میں کتنا عظیم فرق ہے، اور جو پاکیزہ مضامین اس کلام میں بیان کیے جا رہے ہیں وہ کتنے بلند پایہ ہیں۔ انہیں اس کتاب میں، اور اس کے پیش کرنے والے کی دعوت میں کہیں دور دور بھی اُس خود غرضی کا ادنیٰ شائبہ تک نظر نہیں آتا تھا جس سے کسی جھوٹے مدعی کا کام اور کلام کبھی خالی نہیں ہو سکتا۔ وہ خوردبین لگا کر بھی اس امر کی نشان دہی نہیں کر سکتے تھے کہ نبوت کا یہ دعویٰ کر کے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ذات کے لیے یا اپنے خاندان کے لیے یا اپنی قوم اور قبیلے کے لیے کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اس کام میں ان کی اپنی کیا غرض پوشیدہ ہے۔ پھر وہ یہ بھی دیکھ رہے تھے کہ اس دعوت کی طرف ان کی قوم کے کیسے لوگ کھنچ رہے ہیں اور اس سے وابستہ ہو کر ان کی زندگیوں میں کتنا بڑا انقلاب واقع ہو رہا ہے۔ یہ ساری باتیں مل جل کر خود دلیلِ دعویٰ بنی ہوئی تھیں اسی لیے اس پس منظر میں یہ کہنا بالکل کافی تھا کہ اس کتاب کا رب العالمین کی طرف سے نازل شدہ ہونا ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے۔ اس پر کسی دلیل کے اضافے کی کوئی حاجت نہ تھی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تیرے رب کی طرف سے[4] تاکہ تو متنبہ کرے ایک ایسی قوم کو جس کے پاس تجھ سے پہلے

۲؎ اس تمہیدی فقرے کے بعد مشرکینِ مکہ کے پہلے اعتراض کو لیا جا رہا ہے جو وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر کرتے تھے۔

۳؎ یہ محض سوال و استفہام نہیں ہے بلکہ اس میں سخت تعجب کا انداز پایا جاتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اُن ساری باتوں کے باوجود، جن کی بنا پر اس کتاب کا منزّل من اللہ ہونا ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے، کیا یہ لوگ ایسی صریح ہٹ دھرمی کی بات کہہ رہے ہیں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اسے خود تصنیف کر کے جھوٹ موٹ اللہ رب العالمین کی طرف منسوب کر دیا ہے؟ اتنا لغو اور بے سروپا الزام رکھتے ہوئے کوئی شرم ان کو نہیں آتی؟ انہیں کچھ محسوس نہیں ہوتا کہ جو لوگ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو اور اُن کے کام اور کلام کو جانتے ہیں اور اس کتاب کو بھی سمجھتے ہیں، وہ اس بیہودہ الزام کو سن کر کیا رائے قائم کریں گے؟

۴؎ جس طرح پہلی آیت میں لاریب فیہ کہنا کافی سمجھا گیا تھا اور اس سے بڑھ کر کوئی استدلال قرآن کے کلامِ الٰہی ہونے کے حق میں پیش کرنے کی ضرورت نہ سمجھی گئی تھی، اُسی طرح اب اس آیت میں بھی کفارِ مکہ کے الزامِ افترا پر صرف اتنی بات ہی کہنے پر اکتفا کیا جا رہا ہے کہ "یہ حق ہے تیرے رب کی طرف سے"۔ اس کی وجہ وہی ہے جو اوپر حاشیہ نمبر ۱ میں ہم بیان کر چکے ہیں۔ کون، کس ماحول میں، کس شان کے ساتھ یہ کتاب پیش کر رہا تھا۔ یہ سب کچھ سامعین کے سامنے موجود تھا۔ اور یہ کتاب بھی اپنی زبان اور اپنے ادب اور مضامین کے ساتھ سب کے سامنے تھی۔ اور اس کے اثرات و نتائج بھی مکہ کی اُس سوسائٹی میں سب اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔ اس صورتِ حال میں اس کتاب کا رب العٰلمین کی طرف سے آیا ہوا حق ہونا ایسا صریح امرِ واقعہ تھا جسے صرف حتمی طور پر بیان کر دینا ہی کفار کے الزام کی تردید کے لیے کافی تھا۔ اس پر کسی استدلال کی کوشش بات کو مضبوط کرنے کے بجائے الٹی اسے کمزور کرنے کی موجب ہوتی۔ یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے دن کے وقت سورج چمک رہا ہو اور کوئی ڈھیٹ آدمی کہے کہ یہ اندھیری رات ہے۔ اس کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کوئی متنبہ کرنے والا نہیں آیا، شاید کہ وہ ہدایت پا جائیں ۵؎

جواب میں صرف یہی کہنا کافی ہے کہ تم اسے رات کہتے ہو؟ یہ روز روشن تو سامنے موجود ہے۔ اس کے بعد دن کے موجود ہونے پر اگر آپ منطقی دلیلیں قائم کریں گے تو اپنے جواب کے زور میں کوئی اضافہ نہیں کریں گے بلکہ درحقیقت اس کے زور کو کچھ کم ہی کر دیں گے۔

۵؎ یعنی جس طرح اس کا حق ہونا اور من جانب اللہ ہونا قطعی و یقینی امر ہے اُسی طرح اس کا مبنی بر حکمت ہونا اور خود تم لوگوں کے لیے خدا کی ایک رحمت ہونا بھی ظاہر ہے۔ تم خود جانتے ہو کہ صدہا برس سے تمہارے اندر کوئی پیغمبر نہیں آیا ہے۔ تم خود جانتے ہو کہ تمہاری ساری قوم جہالت اور اخلاقی پستی اور سخت پسماندگی میں مبتلا ہے۔ اس حالت میں اگر تمہیں بیدار کرنے اور راہِ راست دکھانے کے لیے ایک پیغمبر تمہارے درمیان بھیجا گیا ہے تو اس پر حیران کیوں ہوتے ہو۔ یہ تو ایک بڑی ضرورت ہے جسے اللہ تعالیٰ نے پورا کیا ہے اور تمہاری اپنی بھلائی کے لیے کیا ہے۔

واضح رہے کہ عرب میں دینِ حق کی روشنی سب سے پہلے حضرت ہودؑ اور حضرت صالحؑ کے ذریعہ سے پہنچی تھی جو زمانۂ قبل تاریخ میں گزرے ہیں۔ پھر حضرت ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام آئے جن کا زمانہ حضورؐ سے ڈھائی ہزار برس قبل گزرا ہے۔ اس کے بعد آخری پیغمبر جو عرب کی سرزمین میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے بھیجے گئے وہ حضرت شعیب علیہ السلام تھے اور ان کی آمد پر بھی تقریباً دو ہزار برس گزر چکے تھے۔ یہ اتنی طویل مدت ہے کہ اس کے لحاظ سے یہ کہنا بالکل بجا تھا کہ اس قوم کے اندر کوئی متنبہ کرنے والا نہیں آیا اس ارشاد کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اس قوم میں کبھی کوئی متنبہ کرنے والا نہ آیا تھا۔ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک مدت دراز سے یہ قوم ایک متنبہ کرنے والے کی محتاج چلی آ رہی ہے۔

یہاں ایک اور سوال سامنے آ جاتا ہے جس کو صاف کر دینا ضروری ہے۔ اس آیت کو پڑھتے ہوتے آدمی کے ذہن میں یہ کھٹک پیدا ہوتی ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے صدہا برس تک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


عربوں میں کوئی نبی نہیں آیا تو اس جاہلیت کے دور میں گزرے ہوئے لوگوں سے آخر بازپرس کس بنیاد پر ہوگی؟ انہیں معلوم ہی کب تھا کہ ہدایت کیا ہے اور ضلالت کیا؟ پھر اگر وہ گمراہ تھے تو اپنی اس گمراہی کے ذمہ دار وہ کیسے قرار دیئے جا سکتے ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ دین کا تفصیلی علم چاہے اس جاہلیت کے زمانہ میں لوگوں کے پاس نہ رہا ہو، مگر یہ بات اس زمانے میں بھی لوگوں سے پوشیدہ نہ تھی کہ اصل دین توحید ہے اور انبیاء علیہم السلام نے کبھی بت پرستی نہیں سکھائی ہے۔ یہ حقیقت اُن روایات میں بھی محفوظ تھی جو عرب کے لوگوں کو اپنی سرزمین کے انبیاء سے پہنچی تھیں، اور اسے قریب کی سرزمین میں آئے ہوئے انبیاء حضرت موسیٰ، حضرت داؤد، حضرت سلیمان اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام کی تعلیمات کے واسطے سے بھی یہ لوگ جانتے تھے۔ عرب کی روایات میں یہ بات بھی مشہور و معروف تھی کہ قدیم زمانہ میں اہلِ عرب کا اصل دین، دینِ ابراہیمیؑ تھا اور بُت پرستی اُن کے ہاں عمرو بن لُحَیّ نامی ایک شخص نے شروع کی تھی۔ شرک و بُت پرستی کے رواجِ عام کے باوجود عرب کے مختلف حصوں میں جگہ جگہ ایسے لوگ موجود تھے جو شرک سے انکار کرتے تھے، توحید کا اعلان کرتے تھے اور بتوں پر قربانیاں کرنے کی علانیہ مذمت کرتے تھے۔ خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد سے بالکل قریب زمانے میں قُس بن ساعدۃ الایادی، اُمیہ بن ابی الصَّلت، سُوَید بن عمرو المصطلقی، وکیع بن سلمہ بن زُہیر الایادی، عَمرو بن جُندب الجُہنی، ابو قیس صرمہ بن ابی انس، زید بن عمرو بن نُفَیل، ورقہ بن نوفل، عثمان بن الحُوَیرِث، عبید اللہ بن جحش، عامر بن الظَّرِب العدوانی، علّاف بن شہاب التمیمی، المتلمس بن اُمیّۃ الکنانی، زُہیر بن ابی سُلمیٰ، خالد بن سنان بن غیث العبسی، عبد اللہ القُضاعی اور ایسے ہی بہت سے لوگوں کے حالات ہمیں تاریخوں میں ملتے ہیں جنہیں حُنَفاء کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ یہ سب لوگ علی الاعلان توحید کو اصل دین کہتے تھے اور مشرکین کے مذہب سے اپنی بے تعلقی کا صاف صاف اظہار کرتے تھے۔ ظاہر ہے کہ ان لوگوں کے ذہن میں یہ تخیل انبیاء علیہم السلام کی سابقہ تعلیمات کے باقی ماندہ اثرات ہی سے آیا تھا۔ اس کے علاوہ یمن میں چوتھی پانچویں صدی عیسوی کے جو کتبات آثارِ قدیمہ کی جدید تحقیقات کے سلسلے میں برآمد ہوتے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اُس دور میں وہاں ایک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وہ اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو اور اُن ساری چیزوں کو جو ان کے درمیان ہیں چھ دنوں میں پیدا کیا اور اس کے بعد عرش پر متمکن ہوا۔[۷] اُس کے بغیر نہ تمہارا کوئی حامی و مددگار ہے نہ سفارشی، پھر کیا تم ہوش میں نہ آؤ گے؟[۸] وہ آسمان

---

توحیدی مذہب موجود تھا جس کے پیرو الرحمان اور رب السماء والارض ہی کو الٰہ واحد تسلیم کرتے تھے۔ ۳۷۸ء کا ایک کتبہ ایک معبد کے کھنڈر سے ملا ہے جس میں لکھا گیا ہے کہ یہ معبد "الٰہ ذو سموی" (الٰہ السماء یا رب السماء) کی عبادت کے لیے بنایا گیا ہے۔ ۴۶۵ء کے ایک کتبے میں بنصرو ردا الٰھن بعل سمین وارضین (بنصر و بعون الالٰہ رب السماء والارض) کے الفاظ لکھے ہیں جو عقیدۂ توحید پر صریح دلالت کرتے ہیں۔ اسی دور کا ایک اور کتبہ ایک قبر پر ملا ہے جس میں بخیل رحمنن (یعنی استعین بحول الرحمن) کے الفاظ لکھے ہوئے ہیں۔ اسی طرح شمالِ عرب میں دریائے فرات اور قنسرین کے درمیان زَبَد کے مقام پر ۵۱۲ء کا ایک کتبہ ملا ہے جس میں بسم الالٰہ۔ لا عز الا لہٗ۔ لا شکر الا لہٗ کے الفاظ پائے جاتے ہیں۔ یہ ساری باتیں بتاتی ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے انبیاء سابقین کی تعلیمات کے آثار عرب سے بالکل مٹ نہیں گئے تھے اور کم از کم اتنی بات یاد دلانے کے لیے بہت سے ذرائع موجود تھے کہ "تمہارا خدا ایک ہی خدا ہے"۔
(مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن جلد سوم، صفحات ۲۶۴-۲۶۵)

۷ اب مشرکین کے دوسرے اعتراض کو لیا جاتا ہے جو وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوتِ توحید پر کرتے تھے۔ ان کو اس بات پر سخت اعتراض تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کے دیوتاؤں اور بزرگوں کی معبودیت سے انکار کرتے ہیں اور ہانکے پکارے یہ دعوت دیتے ہیں کہ ایک اللہ کے سوا کوئی معبود، کوئی کارساز، کوئی حاجت روا، کوئی دعائیں سننے والا، اور بگڑی بنانے والا، اور کوئی حاکم ذی اختیار نہیں ہے۔

تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن جلد دوم ص ۳۶-۲۶۱-۲۶۲-۴۸۱ ۴۴۲-

۸ یعنی تمہارا اصل خدا تو خالقِ زمین و آسمان ہے۔ تم کس خیالِ خام میں مبتلا ہو کہ کائنات کی اس عظیم الشان سلطنت میں اُس کے سوا دوسروں کو کارساز سمجھ بیٹھے ہو۔ اس پوری کائنات کا اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے زمین تک دنیا کے معاملات کی تدبیر کرتا ہے اور اس تدبیر کی روداد اوپر اُس کے حضور جاتی ہے ایک ایسے دن میں جس کی مقدار تمہارے شمار سے ایک ہزار سال ہے۹

اس کی ہر چیز کا پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کی ذات کے سوا ہر دوسری چیز جو یہاں پائی جاتی ہے، مخلوق ہے۔ اور اللہ اس دنیا کو بنا دینے کے بعد کہیں جا کر سو بھی نہیں گیا ہے۔ بلکہ اپنی اس سلطنت کا تخت نشین اور حاکم و فرمانروا بھی وہ آپ ہی ہے۔ پھر تمہاری عقل آخر کہاں چھپنے چلی گئی ہے کہ تم مخلوقات میں سے چند ہستیوں کو اپنی قسمتوں کا مالک قرار دے رہے ہو۔ اگر اللہ تمہاری مدد نہ کرے تو ان میں سے کس کی یہ طاقت ہے کہ تمہاری مدد کر سکے؟ اگر اللہ تمہیں پکڑے تو ان میں سے کس کا یہ زور ہے کہ تمہیں چھڑا سکے؟ اگر اللہ سفارش نہ سنے تو ان میں سے کون یہ بل بوتا رکھتا ہے کہ اس سے اپنی سفارش منوا لے؟

۹ یعنی تمہارے نزدیک جو ایک ہزار برس کی تاریخ ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں گویا ایک دن کا کام ہے جس کی اسکیم آج کارکنانِ قضا و قدر کے سپرد کی جاتی ہے اور کل وہ اس کی روداد اس کے حضور پیش کرتے ہیں تاکہ دوسرے دن (یعنی تمہارے حساب سے ایک ہزار برس) کا کام ان کے سپرد کیا جاتے۔ قرآن مجید میں یہ مضمون دو مقامات پر اور بھی آیا ہے جنہیں نگاہ میں رکھنے سے اس کا مطلب اچھی طرح سمجھ میں آسکتا ہے۔ کفارِ عرب کہتے تھے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو نبوت کا دعویٰ لیکر سامنے آئے کئی برس گزر چکے ہیں۔ وہ بار بار ہم سے کہتے ہیں کہ اگر میری اس دعوت کو تم لوگ قبول نہ کرو گے اور مجھے جھٹلا دو گے تو تم پر خدا کا عذاب آجائیگا۔ مگر کئی برس سے وہ اپنی یہ بات دہرائے جاتے ہیں اور آج تک عذاب نہ آیا، حالانکہ ہم ایک دفعہ نہیں ہزاروں مرتبہ انہیں صاف صاف جھٹلا چکے ہیں۔ ان کی یہ دھمکیاں واقعی سچی ہوتیں تو ہم پر کبھی کا عذاب آچکا ہوتا۔ اس پر اللہ تعالیٰ سورۂ حج میں فرماتا ہے:

| | |
|---|---|
| وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ | یہ لوگ عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہیں اللہ |
| يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ | ہرگز اپنے وعدے کے خلاف نہ کرے گا مگر |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


وہی ہے ہر پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا۔ زبردست اور رحیم۔ جو چیز بھی اس نے بنائی خوب ہی بنائی۔ اس نے انسان کی تخلیق کی ابتدا گارے سے کی، پھر اُس کی نسل ایک

رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ (آیت ۴۷)

تیرے رب کے ہاں کا ایک دن تم لوگوں کے شمار سے ہزار برس جیسا ہوا کرتا ہے۔

دوسری جگہ اسی بات کا جواب یہ دیا جاتا ہے:

سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَاقِعٍ لِّلْكَافِرِينَ لَيْسَ لَهُ دَافِعٌ مِّنَ اللَّهِ ذِي الْمَعَارِجِ تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيلًا إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيدًا وَنَرَاهُ قَرِيبًا۔ (المعارج آیات ۱-۷)

پوچھنے والا پوچھتا ہے اُس عذاب کو جو واقع ہونے والا ہے کافروں کے لیے جس کو دفع کرنے والا کوئی نہیں ہے، اُس خدا کی طرف سے جو چڑھتے درجوں والا ہے (یعنی درجہ بدرجہ کام کرنے والا)، چڑھتے ہیں اس کی طرف ملائکہ اور روح ایک ایسے دن میں جس کی مقدار پچاس ہزار برس ہے۔ پس اے نبی صبر جمیل سے کام لو۔ یہ لوگ اسے دور سمجھتے ہیں اور ہم اسے قریب دیکھ رہے ہیں

ان تمام ارشادات سے جو بات ذہن نشین کرائی گئی ہے وہ یہ ہے کہ انسانی تاریخ میں خدا کے فیصلے دنیا کی گھڑیوں اور جنتریوں کے لحاظ سے نہیں ہوتے۔ کسی قوم سے اگر یہ کہا جائے کہ تم فلاں روش اختیار کرو گے تو اس کا انجام تمہیں یہ کچھ دیکھنا ہوگا، تو وہ قوم سخت احمق ہوگی اگر اس کا یہ مطلب سمجھے کہ آج وہ روش اختیار کی جائے اور کل اس کے بُرے نتائج سامنے آجائیں۔ ظہورِ نتائج کے لیے دن اور مہینے اور سال تو کیا چیز ہیں، صدیاں بھی کوئی بڑی مدت نہیں ہیں۔

نلہ یعنی دوسرے جو بھی ہیں ان کے لیے ایک چیز ظاہر ہے تو بے شمار چیزیں ان سے پوشیدہ ہیں۔ فرشتے ہوں، یا جن، یا نبی اور ولی اور برگزیدہ انسان، ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہے جو سب کچھ جاننے والا ہو۔ یہ صفت صرف اللہ تعالیٰ کی ہے کہ اس پر ہر چیز عیاں ہے۔ جو کچھ گزر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایسے سُت سے چلائی جو حقیر پانی کی طرح کا ہے ۱۴؎ پھر اس کو نِک سُک سے

چکا ہے، جو کچھ موجود ہے اور جو کچھ آنے والا ہے، سب اس پر روشن ہے۔

۱۱؎ یعنی ہر چیز پر غالب۔ کائنات میں کوئی طاقت ایسی نہیں ہے جو اس کے ارادے میں مزاحم ہو سکے اور اس کے حکم کو نافذ ہونے سے روک سکے۔ ہر شے اس سے مغلوب ہے اور کسی میں اس کے مقابلے کا بل بوتا نہیں ہے۔

۱۲؎ یعنی اِس غلبے اور قوتِ قاہرہ کے باوجود وہ ظالم نہیں ہے بلکہ اپنی مخلوق پر رحیم و شفیق ہے۔

۱۳؎ یعنی اس عظیم الشان کائنات میں اس نے بے حد و حساب چیزیں بنائی ہیں، مگر کوئی ایک چیز بھی ایسی نہیں ہے جو بے ڈھنگی اور بے تُکی ہو۔ ہر شے اپنا ایک الگ حسن رکھتی ہے۔ ہر شے اپنی جگہ متناسب اور موزوں ہے۔ جو چیز جس کام کے لیے بھی اس نے بنائی ہے اُس کے لیے موزوں ترین شکل پر، مناسب ترین صفات کے ساتھ بنائی ہے۔ دیکھنے کے لیے آنکھ اور سننے کے لیے کان کی ساخت سے زیادہ موزوں کسی ساخت کا تصور تک نہیں کیا جا سکتا۔ ہوا اور پانی جن مقاصد کے لیے بنائے گئے ہیں ان کے لیے ہوا ٹھیک ویسی ہی ہے جیسی ہونی چاہیے، اور پانی وہی اوصاف رکھتا ہے جیسے ہونے چاہئیں۔ تم خدا کی بنائی ہوئی کسی چیز کے نقشے میں کسی کوتاہی کی نشان دہی نہیں کر سکتے، نہ اس میں کوئی ترمیم پیش کر سکتے ہو۔

۱۴؎ یعنی پہلے اس نے براہِ راست اپنے تخلیقی عمل ( DIRECT CREATION ) سے انسان کو پیدا کیا، اور اس کے بعد خود اسی انسان کے اندر تناسل کی وہ طاقت رکھ دی کہ اس کے نطفہ سے ویسے ہی انسان پیدا ہوتے چلے جائیں۔ ایک کمال یہ تھا کہ زمین کے مواد کو جمع کر کے ایک تخلیقی حکم سے اس میں وہ زندگی اور وہ شعور و تعقل پیدا کر دیا جس سے انسان جیسی ایک حیرت انگیز مخلوق وجود میں آگئی۔ اور دوسرا کمال یہ ہے کہ آئندہ مزید انسانوں کی پیدائش کے لیے ایک ایسی عجیب مشینری خود انسانی ساخت کے اندر رکھ دی جس کی ترکیب اور کارگزاری کو دیکھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



درست کیا[15] اور اس کے اندر اپنی روح پھونک دی[16]۔ اور تم کو کان دیے، آنکھیں دیں اور

یہ آیت قرآن مجید کی اُن آیات میں سے ہے جو انسانِ اوّل کی براہِ راست تخلیق کی تصریح کرتی ہیں۔ ڈارون کے زمانہ سے سائنس داں حضرات اس تصور پر بہت ناک بھوں چڑھاتے ہیں اور بڑی حقارت کے ساتھ وہ اس کو ایک غیر سائنٹفک نظریہ قرار دے کر گویا پھینک دیتے ہیں لیکن انسان کی نہ سہی، تمام انواعِ حیوانی کی نہ سہی، اوّلین جرثومۂ حیات کی براہِ راست تخلیق سے تو وہ کسی طرح پیچھا نہیں چھڑا سکتے۔ اس تخلیق کو نہ مانا جائے تو پھر یہ انتہائی لغو بات ماننی پڑے گی کہ زندگی کی ابتدا محض ایک حادثہ کے طور پر ہوئی ہے، حالانکہ صرف ایک خلیہ (CELL) والے حیوان میں زندگی کی سادہ ترین صورت بھی اتنی پیچیدہ اور نازک حکمتوں سے لبریز ہے کہ اسے حادثہ کا نتیجہ قرار دینا اُس سے لاکھوں درجہ زیادہ غیر سائنٹفک بات ہے جتنا نظریۂ ارتقاء کے قائلین نظریۂ تخلیق کو ٹھیراتے ہیں۔ اور اگر ایک دفعہ آدمی یہ مان لے کہ حیات کا پہلا جرثومہ براہ راست تخلیق سے وجود میں آیا تھا تو پھر آخر یہی ماننے میں کیا قباحت ہے کہ ہر نوعِ حیوانی کا پہلا فرد خالق کے تخلیقی عمل سے پیدا ہوا ہے، اور پھر اس کی نسل تناسل (PROCREATION) کی مختلف صورتوں سے چلی ہے۔ اس بات کو مان لینے سے وہ بہت سی گتھیاں حل ہو جاتی ہیں جو ڈارونیت کے علمبرداروں کی ساری سائنٹفک شاعری کے باوجود ان کے نظریۂ ارتقاء میں غیر حل شدہ رہ گئی ہیں۔ (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن جلد اوّل، صفحات ۲۵۹-۳۱۹-۵۶۶۔ جلد دوم، صفحات ۱۰-۱۱-۱۰۶-۵۰۴۔ جلد سوم، صفحات ۲۰۱-۲۶۹)

[15] یعنی ایک انتہائی باریک خوردبینی وجود سے بڑھا کر اسے پوری انسانی شکل تک پہنچایا اور اس کا جسم سارے اعضاء و جوارح کے ساتھ مکمل کر دیا۔

[16] روح سے مراد محض وہ زندگی نہیں ہے جس کی بدولت ایک ذی حیات جسم کی مشین متحرک ہوتی ہے، بلکہ اس سے مراد وہ خاص جوہر ہے جو فکر و شعور اور عقل و تمیز اور فیصلہ و اختیار کا حامل ہوتا ہے، جس کی بدولت انسان تمام دوسری مخلوقاتِ ارضی سے ممتاز ایک صاحب شخصیت ہستی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دل دیئے۔[۱۷] تم لوگ کم ہی شکر گزار ہوتے ہو۔[۱۸]

صاحبِ انا ہستی، اور حاملِ خلافت ہستی بنتا ہے۔

اس روح کو اللہ تعالیٰ نے اپنی روح یا تو اس معنی میں فرمایا ہے کہ وہ اُسی کی ملک ہے اور اس کی ذاتِ پاک کی طرف اس کا انتساب اُسی طرح کا ہے جس طرح ایک چیز اپنے مالک کی طرف منسوب ہو کر اُس کی چیز کہلاتی ہے۔ یا پھر اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان کے اندر علم، فکر، شعور، ارادہ، فیصلہ، اختیار اور ایسے ہی دوسرے جو اوصاف پیدا ہوئے ہیں وہ سب اللہ تعالیٰ کی صفات کے پرتو ہیں۔ ان کا سرچشمہ مادّے کی کوئی ترکیب نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ اللہ کے علم سے اس کو علم ملا ہے، اللہ کی حکمت سے اس کو دانائی ملی ہے، اللہ کے اختیار سے اس کو اختیار ملا ہے۔ یہ اوصاف کسی بے علم، بے دانش اور بے اختیار ماخذ سے انسان کے اندر نہیں آتے ہیں۔ (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن جلد دوم، صفحات ۵۰۴ - ۵۰۵)

۱۷؎ یہ ایک لطیف اندازِ بیان ہے۔ روح پھونکنے سے پہلے انسان کا سارا ذکر صیغۂ غائب میں کیا جاتا رہا: "اس کی تخلیق کی"، "اس کی نسل چلائی"، "اس کو نک سک سے درست کیا"، "اس کے اندر روح پھونکی"۔ اس لیے کہ اس وقت تک وہ خطاب کے لائق نہ تھا۔ پھر جب روح پھونک دی گئی تو اب اس سے فرمایا جا رہا ہے کہ "تم کو کان دیئے"، "تم کو آنکھیں دیں"، "تم کو دل دیئے"۔ اس لیے کہ حاملِ رُوح ہو جانے کے بعد ہی وہ اس قابل ہُوا کہ اسے مخاطب کیا جائے۔

کان اور آنکھوں سے مراد وہ ذرائع ہیں جن سے انسان علم حاصل کرتا ہے۔ اگرچہ حصولِ علم کے ذرائع ذائقہ اور لامسہ اور شامّہ بھی ہیں، لیکن سماعت و بینائی تمام دوسرے حواس سے زیادہ بڑے اور اہم ذرائع ہیں، اس لیے قرآن جگہ جگہ انہی دو کو خدا کے نمایاں عطیوں کی حیثیت سے پیش کرتا ہے۔ اس کے بعد "دل" سے مراد وہ ذہن (MIND) ہے جو حواس کے ذریعہ سے حاصل شدہ معلومات کو مرتب کر کے ان سے نتائج نکالتا ہے اور عمل کی مختلف امکانی راہوں میں سے کوئی ایک راہ منتخب کرتا اور اس پر چلنے کا فیصلہ کرتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


اور[19] یہ لوگ کہتے ہیں: "جب ہم مٹی میں رل مل چکے ہونگے تو کیا ہم پھر نئے سرے سے پیدا کیے جائیں گے؟" اصل بات یہ ہے کہ یہ اپنے رب کی ملاقات کے منکر ہیں[20]۔ ان سے کہو "موت کا وہ فرشتہ جو تم پر مقرر کیا گیا ہے تم کو پورا کا پورا

---

۱۸؎ یعنی یہ عظیم القدر انسانی روح اتنے بلند پایہ اوصاف کے ساتھ تم کو اس لیے تو عطا نہیں کی گئی تھی کہ تم دنیا میں جانوروں کی طرح رہو اور اپنے لیے بس وہی زندگی کا نقشہ بنا لو جو کوئی حیوان بنا سکتا ہے۔ یہ آنکھیں تمہیں چشمِ بصیرت سے دیکھنے کے لیے دی گئی تھیں نہ کہ اندھے بن کر رہنے کے لیے۔ یہ کان تمہیں گوشِ ہوش سے سننے کے لیے دیئے گئے تھے نہ کہ بہرے بن کر رہنے کے لیے۔ یہ دل تمہیں اس لیے دیئے گئے تھے کہ حقیقت کو سمجھو اور صحیح راہِ فکر و عمل اختیار کرو، نہ اس لیے کہ اپنی ساری صلاحیتیں صرف اپنی حیوانیت کی پرورش کے وسائل فراہم کرنے میں صرف کر دو، اور اس سے کچھ اونچے اٹھو تو اپنے خالق سے بغاوت کے فلسفے اور پروگرام بنانے لگو۔ یہ بیش قیمت نعمتیں خدا سے پانے کے بعد جب تم دہریت یا شرک اختیار کرتے ہو، جب تم خود خدا یا دوسرے خداؤں کے بندے بنتے ہو، جب تم خواہشات کے غلام بن کر جسم و نفس کی لذتوں میں غرق ہو جاتے ہو، تو گویا اپنے خدا سے یہ کہتے ہو کہ ہم ان نعمتوں کے لائق نہ تھے، ہمیں انسان بنانے کے بجائے تجھے ایک بندر، یا ایک بھیڑیا، یا ایک مگرمچھ یا ایک کوا بنانا چاہیے تھا۔

۱۹؎ رسالت اور توحید پر کفار کے اعتراضات کا جواب دینے کے بعد اب اسلام کے تیسرے بنیادی عقیدے، یعنی آخرت پر ان کے اعتراض کو لیکر اس کا جواب دیا جاتا ہے۔ آیت میں وَقَالُوا کا واوِ عطف مضمون ماسبق سے اس پیراگراف کا تعلق جوڑتا ہے۔ گویا ترتیبِ کلام یوں ہے کہ "وہ کہتے ہیں محمد اللہ کے رسول نہیں ہیں"، "وہ کہتے ہیں اللہ معبودِ واحد نہیں ہے"، "اور وہ کہتے ہیں کہ ہم مر کر دوبارہ نہ اٹھیں گے۔"

۲۰؎ اوپر کے فقرے اور اس فقرے کے درمیان پوری ایک داستان کی داستان ہے جسے سامع کے ذہن پر چھوڑ دیا گیا ہے کفار کا جو اعتراض پہلے فقرے میں نقل کیا گیا ہے وہ اتنا مہمل ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اع اپنے قبضے میں لے لیگا اور پھر تم اپنے رب کی طرف پلٹا لائے جاؤ گے ؏

کہ اس کی تردید کی حاجت محسوس نہیں کی گئی ۔ اس کا محض نقل کر دینا ہی اس کی لغویت ظاہر کرنے کے لیے کافی سمجھا گیا ۔ اس لیے کہ ان کا اعتراض جن دو اجزاء پر مشتمل ہے وہ دونوں ہی سراسر غیر معقول ہیں ۔ ان کا یہ کہنا کہ "ہم مٹی میں رل مل چکے ہونگے" آخر کیا معنی رکھتا ہے ؟ "ہم" جس چیز کا نام ہے وہ کب مٹی میں رلتی ملتی ہے ؟ مٹی میں تو صرف وہ جسم ملتا ہے جس سے "ہم" نکل چکا ہوتا ہے! اس جسم کا نام "ہم" نہیں ہے ۔ زندگی کی حالت میں جب اس جسم کے اعضا کاٹے جاتے ہیں تو عضو پر عضو کٹتا چلا جاتا ہے مگر "ہم" پورا کا پورا اپنی جگہ موجود رہتا ہے ۔ اس کا کوئی جزء بھی کسی کٹے ہوئے عضو کے ساتھ نہیں جاتا ۔ اور جب یہ "ہم" کسی جسم میں سے نکل جاتا ہے تو پورا جسم موجود ہوتے ہوئے بھی اس پر اس "ہم" کے کسی ادنیٰ شائبے تک کا اطلاق نہیں ہوتا ۔ اسی لیے تو ایک عاشقِ جاں نثار اپنے معشوق کے مردہ جسم کو لے جا کر دفن کر دیتا ہے ، کیونکہ معشوق اس جسم سے نکل چکا ہوتا ہے اور وہ معشوق کو نہیں بلکہ اس خالی جسم کو دفن کرتا ہے جس میں کبھی اس کا معشوق رہتا تھا ۔ پس معترضین کے اعتراض کا پہلا مقدمہ ہی بے بنیاد ہے ۔ رہا اس کا دوسرا جزء "کیا ہم پھر نئے سرے سے پیدا کیے جائیں گے" تو یہ انکار و تعجب کے انداز کا سوال سرے سے پیدا ہی نہ ہوتا اگر معترضین نے بات کرنے سے پہلے اس "ہم" اور اس کے پیدا کیے جانے کے مفہوم پر ایک لمحہ کے لیے کچھ غور کر لیا ہوتا ۔ اس "ہم" کی موجودہ پیدائش اس کے سوا کیا ہے کہ کہیں سے کوئلہ اور کہیں سے لوہا اور کہیں سے چونا اور اسی طرح کے دوسرے اجزاء جمع ہوئے اور اس کالبدِ خاکی میں یہ "ہم" براجمان ہو گیا ۔ پھر اس کی موت کے بعد کیا ہوتا ہے ؟ اس کالبدِ خاکی میں سے جب "ہم" نکل جاتا ہے تو اس کا مکان تعمیر کرنے کے لیے جو اجزاء زمین کے مختلف حصوں سے فراہم کیے گئے تھے وہ سب اسی زمین میں واپس چلے جاتے ہیں ۔ سوال یہ ہے کہ جس نے پہلے اس "ہم" کو یہ مکان بنا کر دیا تھا ، کیا وہ دوبارہ اسی سروسامان سے وہی مکان بنا کر اسے از سرِ نو اس میں نہیں بسا سکتا ؟ یہ چیز جب پہلے ممکن تھی اور واقعہ کی صورت میں رونما ہو چکی ہے ، تو دوبارہ اس کے ممکن ہونے اور واقعہ بننے میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آخر کیا امر مانع ہے؟ یہ باتیں ایسی ہیں جنہیں ذرا سی عقل آدمی استعمال کرے تو خود ہی سمجھ سکتا ہے۔ لیکن وہ اپنی عقل کو اس رُخ پر کیوں نہیں جانے دیتا؟ کیا وجہ ہے کہ وہ بے سوچے سمجھے حیات بعد الموت اور آخرت پر اس طرح کے لایعنی اعتراضات جڑتا ہے؟ بیچ کی ساری بحث چھوڑ کر اللہ تعالیٰ دوسرے فقرے میں اسی سوال کا جواب دیتا ہے کہ "دراصل یہ اپنے رب کی ملاقات کے منکر ہیں"۔ یعنی اصل بات یہ نہیں ہے کہ دوبارہ پیدائش کوئی بڑی ہی انوکھی اور بعید از امکان بات ہے جو ان کی سمجھ میں نہ آسکتی ہو، بلکہ دراصل جو چیز انہیں یہ بات سمجھنے سے روکتی ہے وہ ان کی یہ خواہش ہے کہ ہم زمین میں چھوٹے پھریں اور دل کھول کر گناہ کریں اور پھر بلوہ (SCOT FREE) یہاں سے نکل جائیں۔ پھر ہم سے کوئی پوچھ گچھ نہ ہو۔ پھر اپنے کرتوتوں کا کوئی حساب ہمیں دینا پڑے۔

۱۸؎ یعنی تمہارا وہ "ہم" مٹی میں رل مل نہ جائے گا، بلکہ اس کی مہلتِ عمل ختم ہوتے ہی خدا کا فرشتۂ موت آئے گا اور اسے جسم سے نکال کر سموچا اپنے قبضے میں لے لیگا، اس کا کوئی ادنیٰ سا جُز بھی جسم کے ساتھ مٹی میں نہ جا سکے گا، وہ پُورا کا پورا حراست (CUSTODY) میں لے لیا جائے گا اور اپنے رب کے حضور پیش کر دیا جائے گا۔

اس مختصر سی آیت میں بہت سے حقائق پر روشنی ڈالی گئی ہے جن پر سے سرسری طور پر نہ گزر جائیے:

(۱) اس میں تصریح ہے کہ موت کچھ یونہی نہیں آجاتی کہ ایک گھڑی چل رہی تھی، کوک ختم ہوئی اور وہ چلتے چلتے یکایک بند ہو گئی۔ بلکہ دراصل اس کام کے لیے اللہ تعالیٰ نے ایک خاص فرشتہ مقرر کر رکھا ہے جو آکر باقاعدہ روح کو ٹھیک اُسی طرح وصول کرتا ہے جس طرح ایک سرکاری امین (OFFICIAL RECIEVER) کسی چیز کو اپنے قبضے میں لیتا ہے۔ قرآن کے دوسرے مقامات پر اس کی مزید تفصیلات جو بیان کی گئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اس افسرِ موت کے ماتحت فرشتوں کا ایک پورا عملہ ہے جو موت وارد کرنے اور روح کو جسم سے نکالنے اور اس کو قبضے میں لینے کی بہت سی مختلف النوع خدمات انجام دیتا ہے۔ نیز یہ کہ اس عملے کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



برتاؤ مجرم روح کے ساتھ کچھ اور ہوتا ہے اور مومن صالح روح کے ساتھ کچھ اور۔ (ان تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو سورۂ نساء، آیت ۹۷۔ الانعام، ۹۳۔ النحل ۲۸، ۳۲، الواقعہ ۸۳ - ۹۴)۔

(۲) اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ موت سے انسان معدوم نہیں ہو جاتا بلکہ اس کی روح جسم سے نکل کر باقی رہتی ہے۔ قرآن کے الفاظ "موت کا فرشتہ تم کو پورا کا پورا اپنے قبضے میں لے لیگا" اسی حقیقت پر دلالت کرتے ہیں۔ کیونکہ کوئی معدوم چیز قبضے میں نہیں لی جاتی۔ قبضے میں لینے کا تو مطلب ہی یہ ہے کہ مقبوضہ چیز قابض کے پاس رہے۔

(۳) اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ موت کے وقت جو چیز قبضے میں لی جاتی ہے وہ آدمی کی حیوانی زندگی (BIOLAGICAL LIFE) نہیں بلکہ اس کی وہ خودی، اس کی وہ انا (EGO) ہے جو "میں" اور "ہم" اور "تم" کے الفاظ سے تعبیر کی جاتی ہے۔ یہ انا دنیا میں کام کر کے جیسی کچھ شخصیت بھی بنتی ہے وہ پوری کی پوری جوں کی توں (INTACT) نکال لی جاتی ہے بغیر اس کے کہ اس کے اوصاف میں کوئی کمی بیشی ہو۔ اور یہی چیز موت کے بعد اپنے رب کی طرف پلٹائی جاتی ہے۔ اسی کو آخرت میں نیا جنم اور نیا جسم دیا جائے گا، اسی پر مقدمہ قائم کیا جائے گا۔ اسی سے حساب لیا جائے گا، اور اسی کو جزا و سزا دیکھنی ہوگی۔

---

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


# فرعون و کلیمؑ کی داستانِ کشمکش

## قرآن کے بیان کردہ چند پہلوؤں کا سرسری مطالعہ

از ڈاکٹر سعید رمضان صاحب

**فرعونِ موسیٰ** | "فرعون" مصری تاریخ کا مشہور و معروف کردار ہے۔ اہلِ مصر اس نام کو اپنے حکام اور فرمانرواؤں کے لیے بطورِ لقب استعمال کرتے تھے۔ جس طرح رومی سلاطین کو "قیصرِ روم" اور ایرانی تاجداروں کو "کسرائے ایران" کہا جاتا تھا۔ اسی طرح مصر کے اربابِ اقتدار "فرعون" کہلاتے تھے۔

مصر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد میں جس فرعون کی حکمرانی تھی قرآن کریم نے اس کا اصل نام ظاہر نہیں کیا ہے۔ بلکہ صرف لقب پر اکتفا کیا ہے۔ تاریخی اور اثری تحقیقات سے معلوم ہوا کہ اس کا نام منفتاح تھا۔ قرآن نے صرف اس کی وہ صفات اور کارگزاریاں تفصیل سے بیان کر دی ہیں جن کی وجہ سے وہ لعنتِ خداوندی کا سزاوار قرار پایا ہے۔ چنانچہ قرآن کے اس اسلوبِ بیان کی وجہ سے "فرعون" کا لفظ ایک لیبل بن گیا ہے جس کے پیچھے اس نام کی کوئی مخصوص تاریخی شخصیت مراد نہیں ہوتی بلکہ اصل مقصد فرعونی صفات و اعمال ہیں۔ انہی صفات و اعمال کے مجموعہ کو اہلِ تفسیر زمان و مکان کے تعیّن کے بغیر فرعون سے تعبیر کرتے رہے ہیں۔

**فرعون کا اصل نام بیان نہ کرنے کی وجہ** | یہاں یہ سوال وارد ہو سکتا ہے کہ قرآن نے موسیٰ کا تو نام بیان کر دیا مگر فرعون کا نام کیوں نہیں واضح کیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ موسیٰ کو اللہ تعالیٰ نے خود منتخب فرمایا اور انسانوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا۔ اللہ کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رسول مثالی نمونہ ہوتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ خاص طور پر انسانوں کے لیے تیار کرتا ہے۔ چنانچہ وہ جن صفات و اعمال کے حامل ہوتے ہیں وہ اُن کی منفرد اور یکتا خصوصیات ہوتی ہیں اور عام انسان اِن خصوصیات میں اُن کے تابع ہوتے ہیں۔ نیز گروہِ انبیاء طویل بشری تاریخ میں چند نفوس پر مشتمل رہا ہے۔ اس لیے پیغمبروں کے نام مع منصب واضح کر دیئے جاتے ہیں لیکن حضرت موسیٰ کے بالمقابل جو فرعون تھا، وہ ایک ایسا فرمانروا تھا جسے اہلِ مصر نے اپنی رضامندی سے قبول کر رکھا تھا یا اُس نے خود اپنے آپ کو اہلِ مصر پر مسلط کر رکھا تھا اور یہ دونوں صورتیں ایسی ہیں کہ ان کی مثالیں تاریخ میں کثرت سے ملتی ہیں اور بار بار تاریخ کے اسٹیج پر ان کا اعادہ ہوتا رہا ہے۔

اس طرح ہمیں ایک قدیم اعتراض کا جواب بھی مل جاتا ہے یعنی قرآن میں موسیٰ اور فرعون کا قصہ بکثرت سورتوں میں بار بار کیوں دہرایا گیا ہے۔ دراصل تکرارِ داستان سے یہ بتانا مقصود ہے کہ فرعونی کردار بار بار جلوہ گاہِ تاریخ پر اُبھرے گا۔ اس لیے لازم ہے کہ ہر فرعونی کردار کے مقابلے میں موسوی شخصیت علمبردارِ حق کے لباس میں نمودار ہو جائے اور "ہر فرعونے را موسیٰ" کا اصول جاری و ساری رہے۔

**غیر مساوی طاقتوں کا تصادم** | فرعون و کلیم کی داستانِ کشمکش میں قرآن یہ پہلو خاص طور پر اجاگر کرتا ہے کہ مادی و ظاہری وسائل کے لحاظ سے یہ ٹکر بالکل بے جوڑ تھی۔ قرآن کا بیان ہے کہ: "موسیٰ پر اُس کی قوم میں سے چند نوجوانوں کے سوا کوئی ایمان نہ لایا، فرعون کے ڈر سے اور خود اپنی قوم کے سربرآوردہ لوگوں کے ڈر سے (جنھیں خوف تھا کہ) فرعون ان کو عذاب میں مبتلا کر دے گا۔ اور فرعون ملک میں غلبہ رکھتا تھا اور وہ اُن لوگوں میں سے تھا جو کسی حد پر نہیں رکتے ہیں" (یونس: ۸۳) ——— یعنی ایک طرف موسیٰ کے لشکر میں گنتی کے چند نوجوان اور روایت مذکورہ کے ایک دوسرے مفہوم کے مطابق) وہ نوجوان بھی فرعون اور اس کے حاشیہ برداروں کی دار و گیر سے ترساں و لرزاں۔ دوسری جانب دبدبۂ فرعون کا یہ عالم کہ ایک ملک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اُس کے آگے سرنگوں، کسی کو یارائے دم زدن نہیں، سرکشی حد سے متجاوز۔

**دعوتِ حق کے مقابلے میں فرعون کے ہتھکنڈے** آمرانہ استکبار و تشدد کی اس گھٹا ٹوپ فضا میں معرکۂ فرعون و کلیم کا آغاز ہوا۔ اس معرکہ میں فرعون نے حضرت موسیٰ کو زک پہنچانے کے لیے ہر طرح کے ہتھکنڈے استعمال کیے۔ قرآن کریم جگہ جگہ ان ہتھکنڈوں کی نشاندہی کرتا ہے مثلاً

**آمرانہ تشدد و تفلسف کا استعمال** فرعون نے اپنے پر ہیبت اقتدار اور طنطنۂ آمریت کے بل بوتے پر موسیٰ کی مسکین اور نہتی قوم کے سامنے تہدید آمیز بیانات دیئے اور ان میں اپنے آپ کو ملک کا واحد مالک اور بہی خواہ قرار دیا۔ اُس نے کہا: "اے اہلِ دربار، میں تو اپنے سوا تمہارے کسی خدا کو نہیں جانتا۔ ہامان! ذرا اینٹیں پکوا کر میرے لیے ایک اونچی عمارت تو بنوا، شاید کہ اس پر چڑھ کر میں موسیٰ کے خدا کو دیکھ سکوں، میں تو اسے جھوٹا سمجھتا ہوں" (القصص ۳۸-۳۹)۔ اُس نے اپنے آپ کو شہریوں کے دل و دماغ کا واحد اجارہ دار ٹھہرایا اور اپنے "عقلِ کُل" ہونے کا دعویٰ کیا۔ چنانچہ اُس نے لوگوں کو متنبہ کیا کہ اس کی اجازت کے بغیر نہ وہ دوسرے کسی نظریے کے قائل ہو سکتے ہیں اور نہ اُس کی رائے اور تجویز کے خلاف کسی دوسری رائے اور تجویز کو قبول کر سکتے ہیں۔ ایسی حرکت کرنے والوں کے خلاف اُس نے سخت ترین ریگولیشن جاری کیے۔ چنانچہ جب جادوگر حضرت موسیٰ کے مقابلے میں شکست کھا گئے اور آپؑ پر فوراً ایمان لے آئے تو فرعون نے غضبناک ہو کر کہا: "تم موسیٰ کی بات مان گئے، قبل اس کے کہ میں تمہیں اجازت دیتا! ضرور یہ تمہارا بڑا ہے جس نے تمہیں جادو سکھایا ہے۔ اچھا، ابھی تمہیں معلوم ہوا جاتا ہے، میں تمہارے ہاتھ اور پاؤں مخالف سمتوں سے کٹوا دوں گا اور تم سب کو سولی چڑھا دوں گا، (الشعراء: ۴۹)، بلکہ اُس کے دماغ میں استکبار کی ہوا یہاں تک بھر گئی کہ وہ یہ سمجھنے لگ گیا کہ مصر اور اہلِ مصر میری شخصی جاگیر ہیں، میں ان میں جس طرح چاہوں تصرف کر سکتا ہوں اور جس کے ساتھ جو چاہوں سلوک کر سکتا ہوں وہ کہنے لگا "اے قوم، کیا مصر کی بادشاہی میری نہیں ہے اور یہ نہریں میرے تحت جاری نہیں ہیں"؟ (الزخرف: ۵۱)۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**قومی تعصبات کا سہارا** اُس نے قبطیوں کے قومی تعصب اور وطن پرستی کے جذبات کو اپیل کیا؛ تاکہ انہیں موسیٰؑ اور ان کی قوم (بنی اسرائیل) کے خلاف بھڑکا دے۔ اُس نے جادوگروں کو دھمکی دیتے ہوئے فوراً سیاسی انقلاب کے خطرے کی گھنٹی بجائی اور کہا: "یقیناً یہ کوئی خفیہ سازش ہے جو تم لوگوں نے اس دارالسلطنت میں کی ہے تاکہ اس کے مالکوں کو اقتدار سے بے دخل کر دو" (الاعراف: ۱۲۳) فرعون کے اس "انکشافِ سازش" کے بیان پر اس کے حاشیہ برداروں نے بھی تائیدی بیانات دیئے: "قومِ فرعون کے سرداروں نے کہا کہ "یقیناً یہ شخص بڑا ماہر جادوگر ہے، تمہیں تمہاری زمین سے بے دخل کرنا چاہتا ہے" (الاعراف: ۱۰۹-۱۱۰)

**اہلِ حق پر سنسنی خیز الزامات کی بوچھاڑ** اُس نے افترا پردازی اور تہمت تراشی کا اسلوب اختیار کیا۔ اور حضرت موسیٰ پر سنسنی خیز الزامات چسپاں کرنے شروع کر دیئے۔ چنانچہ ایک الزام یہ لگایا کہ موسیٰ ملک کے اندر بدامنی اور انتشار پھیلا رہا ہے۔ وہ مصریوں کو چوکنا کرتے ہوئے کہنے لگا: "میں ڈرتا ہوں کہ یہ شخص تم لوگوں کا دین بدل ڈالے گا یا ملک میں فساد برپا کرے گا" (المومن: ۲۶) وزراء اور اہلِ دربار نے بھی سرکارِ عالی مدار کی ہمنوائی کی اور عرض کیا: "کیا حضور موسیٰ اور اُس کی قوم کو یونہی چھوڑ دیں گے کہ وہ ملک میں فساد پھیلائیں" (اعراف: ۱۲۷) دوسرا الزام یہ دھرا کہ موسیٰ اقتدار کا بھوکا ہے اور اس کی ساری تگ و دو مسندِ حکومت پر قبضہ جمانے کے لیے ہے۔" فرعون اپنے گرد و پیش کے سرداروں سے بولا: "یہ شخص یقیناً ماہر جادوگر ہے، چاہتا ہے کہ اپنے جادو کے زور سے تم کو تمہارے ملک سے نکال دے" (الشعراء: ۳۴-۳۵) درباریوں نے بھی کہا: "(اے موسیٰ!) کیا تو اس لیے آیا ہے کہ ہمیں اُس طریقے سے پھیر دے جس پر ہم نے باپ دادا کو پایا ہے اور ملک میں اقتدار کی زمام تم دونوں (یعنی موسیٰ اور ہارون) کے ہاتھ آ جائے" (یونس: ۷۸)۔ بالآخر فرعون نے اپنے اعوان و انصار اور فوجوں کو جمع کیا اور اُن کو آگاہ کیا کہ موسیٰ اور اس کی قوم ایک ادنیٰ سی جماعت ہے، گنتی کے چند افراد اُس کے ساتھ چمٹے ہوئے ہیں، لیکن یہ لوگ امنِ عامہ میں خلل انداز ہو رہے ہیں، تشدد اور لاقانونیت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

پر اُتر سے ہوئے ہیں، شہریوں کے پُرسکون چشمۂ حیات کو انہوں نے مکدر کر رکھا ہے، اس لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ضروری ہے۔ قرآن کا بیان ہے: "فرعون نے (دولتِ فرعونیہ کے سرآوردہ لوگ جمع کرنے کے لیے) شہروں میں نقیب بھیجے اور کہلا بھیجا کہ "یہ کچھ مٹھی بھر لوگ ہیں اور انہوں نے ہم کو بہت ناراض کیا ہے اور ہم ایک ایسی جماعت ہیں جس کا شیوہ ہر وقت چوکنا رہنا ہے" (الشعراء ۵۳-۵۶)۔ "چوکنا رہنا ہے" حاذرون کا ترجمہ ہے۔ سلف میں سے ایک گروہ نے اس کو حَذِرُوْن بھی پڑھا ہے۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ "ہم ہر وقت اسلحہ سے لیس رہتے ہیں"۔ اس لیے سرکار چاہتی ہے کہ موسیٰ کی بالکلیہ بیخ کنی کر دی جائے اور ان لوگوں کے تمام اڈے فنا کر دیئے جائیں"۔ (ابن کثیر: ج ۳: ص ۳۳۵)۔

**"ماہرینِ فنون" سے زک پہنچانے کی تدابیر** حضرت موسیٰ کی ہوا اکھاڑنے اور ان کے مشن کو مجروح کرنے کا حربہ استعمال کیا۔ چنانچہ اس غرض کے لیے فرعون نے اربابِ دانش اور ماہرینِ فنون کی خدمات حاصل کیں تاکہ وہ اپنے فن کے ذریعے موسیٰ کے موقف کو بے وزن اور بے بنیاد ثابت کریں۔ مصر میں اس وقت جس نوع کے فن کو عروج حاصل تھا اور لوگوں کے ذہنوں پر اُس کا سحر تھا وہ جادوگری کا فن تھا۔ فرعون نے ایک مقررہ دن کو بڑے بڑے سیانے جادوگروں کو جمع کیا اور انہیں اونچے مناصب، انعام و اکرام، اور تقربِ شاہی کا لالچ دیا۔ جادوگروں نے مجمع عام میں اپنے فن کا مظاہرہ کر کے موسیٰ علیہ السلام کو مرعوب کرنا چاہا۔ قرآن کے الفاظ میں: "انہوں نے جو اپنے انچھر پھینکے تو نگاہوں کو مسحور اور دلوں کو خوفزدہ کر دیا اور بڑا ہی زبردست جادو بنا لائے" (الاعراف: ۱۱۶) عام حاضرین کچھ دیر کے لیے ان کے جادو سے مبتلائے فتنہ ہو گئے حتیٰ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی کچھ متاثر ہو گئے: "یکایک اُن کے سحر سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یوں محسوس ہوا کہ ان کی رسیاں اور لاٹھیاں دوڑی چلی آ رہی ہیں، اس سے حضرت موسیٰ اپنے دل میں ڈر سے گئے" (طٰہٰ: [illegible])۔

**بہیمیت کی انتہا** مذکورہ بالا ہتھکنڈوں کے علاوہ، فرعون نے موسیٰ علیہ السلام کی دعوت کے مقابلے میں تشدد، سخت گیری، کشت و خون اور ہر اُس سفاکانہ حربے کو استعمال کیا جسے وہ نشۂ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اقتدار میں بدمست ہو کر کر سکتا تھا۔ اُس نے بنی اسرائیل کے نومولود بیٹوں کے قتل کے احکام جاری کیے اور کہا: میں اُن کے بیٹوں کو قتل کراؤں گا اور اُن کی عورتوں کو جیتا رہنے دوں گا۔ ہمارے اقتدار کی گرفت اُن پر مضبوط ہے" (الاعراف: ۱۲۷)۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اُس نے خاص طور پر متنبہ کیا اور ان کو تختۂ دار پر کھنچوا دینے کی دھمکی دی: "اگر تو نے میرے سوا کسی اور کو اپنا معبود بنایا تو میں تجھے سولی چڑھا دوں گا (الشعراء: ۲۹)

**بعثت سے قبل حضرت موسیٰ کے جذبات** | یہ تھی وہ نازک اور تاریک فضا، جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام آزادی کی جنگ لڑتے رہے اور اعلائے کلمۃ اللہ کا مشن انجام دیتے رہے۔ قرآن سے معلوم ہوتا ہے کہ بعثت سے قبل ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون کے جبر و استبداد سے بیزار ہو چکے تھے۔ اور اپنی ستم رسیدہ اور گرفتارِ عذاب قوم کے حالات پر کڑھتے رہتے تھے۔ چنانچہ اُن کی بیزاری اور قلبی اضطراب کا نتیجہ تھا کہ انہوں نے اسرائیلی اور قبطی کی باہمی کشمکش میں اپنی فطری بصیرت و حکمت کے تقاضے کے بموجب اسرائیلی کی فریاد رسی کی اور قبطی کو ایک گھونسا رسید کیا جس سے وہ وہیں ڈھیر ہو گیا۔ قرآنِ کریم وضاحت کرتا ہے کہ: "جب موسیٰ اپنی پوری جوانی کو پہنچ گیا اور اس کا نشو و نما مکمل ہو گیا تو ہم نے اُسے حکم (حکمت و فراست) اور علم عطا کیا، ہم نیک لوگوں کو ایسی ہی جزا دیتے ہیں (ایک روز) وہ شہر میں ایسے وقت داخل ہوا جب کہ اہلِ شہر غفلت میں تھے وہاں اُس نے دیکھا کہ دو آدمی لڑ رہے ہیں۔ ایک اس کی اپنی قوم کا تھا اور دوسرا اُس کی دُشمن قوم سے تعلق رکھتا تھا۔ اس کی قوم کے آدمی نے دشمن قوم والے کے خلاف اسے مدد کے لیے پکارا، موسیٰ نے اس کو ایک گھونسا مارا اور اس کا کام تمام کر دیا . . . ." (القصص: ۱۴-۱۵)۔ حضرت موسیٰ فوراً اپنی اس حرکت پر نادم ہوئے اور اللہ سے مغفرت طلب کی۔ چنانچہ اللہ نے اُن کی مغفرت فرما دی (اور اُن کا پردہ ڈھانک دیا)۔ دوسرے روز جب حضرت موسیٰ ڈرتے اور خطرہ بھانپتے ہوئے نکلے تو اُن کے پاس یہ اطلاع پہنچی کہ حکام اُن کے قتل کے مشورے کر رہے ہیں: "ایک آدمی شہر کے پرلے سرے سے دوڑتا ہوا آیا اور بولا "موسیٰ! سرداروں میں تیرے قتل کے مشورے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہو رہے ہیں، یہاں سے نکل جا، میں تیرا خیر خواہ ہوں۔ یہ خبر سنتے ہی موسیٰ ڈرتا اور سہمتا نکل کھڑا ہوا اور اس نے دعا کی کہ "اے میرے رب، مجھے ظالموں سے بچا" (القصص: ۲۰-۲۱)۔

**بعثت کے ساتھ ہی فرعون کا سامنا کرنے کا حکم** اللہ نے حضرت موسیٰ کی دعا قبول کی اور اُن کو ظالموں کی گرفت سے بچا لیا۔ حضرت موسیٰ مدین چلے گئے اور کچھ مدت وہاں رہنے کے بعد اپنے اہل و عیال کو لے کر نکل کھڑے ہوئے اور طور کی دائیں سمت پہنچ گئے۔ وہاں جب مبارک خطے میں داخل ہوئے تو ندا آئی کہ "اے موسیٰ، میں ہی اللہ ہوں، سارے جہان والوں کا مالک" (القصص: ۳۰) گویا اب اللہ کی طرف سے اُن کے کندھوں پر رسالت کے فرائض ڈال دیئے گئے اور حکم ہوا کہ فرعون اور اس کی قوم کے پاس جا اور انہیں صاف طور پر حق کی دعوت پیش کر۔ "اور جب تمہارے رب نے موسیٰ کو پکارا کہ ظالم قوم کے پاس جا ـــ قوم فرعون کے پاس ـــ کیا وہ نہیں ڈرتے"؟ مگر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے سابقہ تجربات اور چشم دید حالات کی بنا پر عرض کیا "اے میرے رب، مجھے خوف ہے کہ وہ مجھ کو جھٹلا دیں گے، میرا سینہ گھٹتا ہے اور میری زبان نہیں چلتی۔ آپ ہارون کی طرف رسالت بھیجیں۔ اور مجھ پر اُن کے ہاں ایک جُرم کا الزام بھی ہے۔ اس لیے میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے" اللہ تعالیٰ نے فرمایا "ہرگز نہیں، تم دونوں جاؤ ہماری نشانیاں لے کر، ہم تمہارے ساتھ سب کچھ سنتے رہیں گے۔ فرعون کے پاس جاؤ اور اس سے کہو، ہم رب العالمین کی طرف سے بھیجے گئے ہیں" (الشعراء: ۱۱-۱۶)

**حضرت موسیٰ کے عذرات اور ان کا جواب** حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حکم کی تعمیل کی۔ اور میدانِ جہاد کی جانب روانہ ہو گئے۔ انہیں اپنے مشن کے تمام خط و خال اور پیش آمدہ مشکلات کا بخوبی اندازہ تھا۔ اسی بنا پر انہوں نے روانگی سے قبل بارگاہِ الٰہی میں تین عذر پیش کیے۔ ایک یہ کہ قومِ فرعون حد درجہ ظالم و سفاک ہے اور مصر پر اُس نے کڑا نظامِ جبر و استبداد مسلط کر رکھا ہے۔ ایسی ظالم قوم کے سامنے دعوتِ حق کو پیش کرنے کا انجام بجز تکذیب و تحقیر کچھ نہ ہو گا۔ دوسرے یہ کہ مجھ پر ایک مصری کے قتل کا الزام ہے۔ اس لیے مجھے اندیشہ ہے کہ یہ قوم مجھ سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قتل کا انتقام لیے بغیر نہ رہے گی۔ اور تیسرے یہ کہ میرے سینے میں وہ زور اور زبان میں وہ فصاحت نہیں جو دعوت کو مؤثر طور پر پیش کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کے ان تینوں اندیشوں میں سے تیسرے اندیشہ کے جواب میں حضرت ہارونؑ کو آپؑ کے ساتھ رسول بنا کر بھیج دیا۔ حضرت ہارون زبان اور دلیل و حجت کے دھنی تھے۔ مگر پہلے دونوں خدشوں کو ناقابلِ لحاظ ٹھہراتے ہوئے فرمایا: "تم دونوں جاؤ ہماری نشانیاں لے کر، ہم تمہارے ساتھ سب کچھ سنتے رہیں گے"۔ چنانچہ موسیٰ اور ہارون کے درمیان یہی کامل اتحاد اور جبر کسر کا تعلق تھا جو فرعون و کلیم کی کشمکش میں کامیاب کردار کی صورت میں اُبھرا۔ انّا رسولُ ربِّ العٰلمین کے الفاظ اسی کامل اتحاد کو خوشنما پیرائے میں ظاہر کر رہے ہیں۔ ان میں دعوتِ حق کے علمبرداروں کو کامیابی کا نہایت اہم گُر بتا دیا گیا ہے۔

**داعیٔ حق دربارِ فرعون میں** | حضرت موسیٰ دربارِ فرعون میں پہنچے، فرعون کو دعوتِ حق پیش کی، اور بنی اسرائیل کی آقائی سے دست بردار ہو جانے کا مطالبہ کیا: "موسیٰ نے کہا، اے فرعون! میں کائنات کے مالک کی طرف سے بھیجا ہوا آیا ہوں، میرا منصب یہی ہے کہ اللہ کا نام لے کر کوئی بات حق کے سوا نہ کہوں، میں تم لوگوں کے پاس تمہارے رب کی طرف سے دلیلِ صریح لے کر آیا ہوں، لہٰذا تو بنی اسرائیل کو میرے ساتھ بھیج دے۔ (اعراف: ۱۰۴-۱۰۵)

لیکن فرعون نے استکبار کی روش اختیار کی۔ دعوتِ حق کو ٹھکرا دیا اور جادوگروں کو جمع کیا اور اُن کے ساحرانہ کمالات کا سہارا لیتے ہوئے حضرت موسیٰ کی دعوت کو اور آپ کے معجزات کو چیلنج کیا۔ مگر حضرت موسیٰ نے بر خود غلط فرمانروا کی ستمرانیوں اور مذموم چالوں کا نہایت پامردی اور جراتِ ایمانی سے مقابلہ کیا، آپؑ اگرچہ جادوگروں کے جادو سے تھوڑی دیر کے لیے دل میں مرعوب ہوئے مگر فوراً سنبھلے اور جرات کے ساتھ فرمایا: "اے جادوگرو! یہ جو کچھ تم نے پھینکا ہے، یہ جادو ہے، اللہ ابھی اسے باطل کیے دیتا ہے۔ مفسدوں کے کام کو اللہ سدھرنے نہیں دیتا اور اللہ اپنے فرمانوں سے حق کو حق کر دکھاتا ہے، خواہ مجرموں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کو وہ کیسا ہی ناگوار ہو" (یونس: ۸۱-۸۲) یہ کہا اور اپنا عصا زمین پر پھینک دیا۔ اس کا پھینکنا تھا کہ آن کی آن میں وہ اُن کے جھوٹے طلسم کو نگلتا چلا گیا۔ اس طرح جو حق تھا وہ حق ثابت ہوا اور جو کچھ انہوں نے بنا رکھا تھا وہ باطل ہو کر رہ گیا۔ فرعون اور اس کے ساتھی میدانِ مقابلہ میں مغلوب ہو گئے اور اُلٹے ذلیل ہوئے اور جادوگروں کا یہ حال ہوا کہ گویا کسی چیز نے اندر سے انہیں سجدے میں گرا دیا۔ کہنے لگے: "ہم نے مان لیا رب العالمین کو، اُس رب کو جسے موسیٰ اور ہارون مانتے ہیں" (اعراف: ۱۱۷-۱۲۲)۔ فرعون یہ دیکھ کر غیظ و غضب میں ڈوب گیا اور اپنے وقار و آبرو کو بچانے کے خیال سے ذلیل ترین ہتھکنڈوں پر اُتر آیا۔ یہاں تک کہ موسیٰ اور پیروانِ موسیٰ کے قتل کے درپے ہو گیا۔

**کامیابی کی حقیقت اور اس کے اصول** | الغرض بنی اسرائیل پر فرعونی جبر و تشدد کے مہیب سائے چھا گئے۔ بالآخر قوم بلبلا اٹھی اور اس کے صبر کا پیالہ چھلک گیا۔ مگر اللہ تعالیٰ کے جلیل القدر پیغمبر نے بے تابی دکھانے کے بجائے مزید صبر و برداشت کی تلقین کی۔ فرمایا: "اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو، زمین اللہ کی ہے۔ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اُس کا وارث بنا دیتا ہے اور آخری کامیابی انہی کے لیے ہے جو اس سے ڈرتے ہوئے کام کریں"۔ لیکن قوم کے اندر عذاب و استبداد کے بے نہایت تازیانوں کی تاب باقی نہ رہی اور وہ بے ساختہ پکار اٹھی: "(اے موسیٰ) تیرے آنے سے پہلے بھی ہم ستائے جاتے تھے اور اب تیرے آنے پر بھی ستائے جا رہے ہیں" حضرت موسیٰ نے اللہ تعالیٰ کی اٹل سنت پر اپنے کامل اعتماد کا اعلان کیا اور قوم کو آگاہ کیا کہ "امید ہے کہ تمہارا رب تمہارے دشمن کو ہلاک کر دے اور تم کو زمین میں خلیفہ بنائے پھر دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو" (اعراف: ۱۲۸-۱۲۹)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا یہ جواب نہایت گہرے تدبر و مطالعہ کا متقاضی ہے۔ اس میں وہ ایسی بڑی حقیقتیں بیان کر دی گئی ہیں جو دعوتِ حق کی حقیقت و مزاج کے لیے امتیازی علامت کی حیثیت رکھتی ہیں۔ پہلی حقیقت حضرت موسیٰ کے ان الفاظ سے مترشح ہوتی ہے کہ "امید ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تمہارا رب تمہارے دشمن کو ہلاک کر دے"۔ یہ مختصر سا جملہ کئی پہلوؤں کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ اولاً یہ کہ داعی کو سراسر اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھنا چاہیے اور کسی فوری نصرت پر نگاہ جمائے بغیر یکسوئی کے ساتھ راہ حق پر گامزن رہنا چاہیے۔ ثانیاً یہ کہ دشمن کو ہلاک کرنا اللہ کا کام ہے۔ وہ اسے جلدی سر انجام دے یا بدیر یہ اُس کی حکمت و مصلحت پر مبنی ہے۔ اگر دشمن کی مہلت طویل ہو گئی ہے تو اس میں اللہ تعالیٰ کی مصلحت پنہاں ہو گی اور جو جتنی طویل مہلت پاتا ہے وہ اتنی ہی زیادہ چوٹ کھاتا ہے۔ ثالثاً یہ کہ اللہ تعالیٰ کے دین کی خاطر جو معرکہ بھی گرم کیا جائے اُس میں دشمن پر فتح کا حاصل ہونا عین مرضیٔ الٰہی پر موقوف ہے۔ بظاہر شکست خوردہ ہو کر مایوس ہو جانا گویا مرضیٔ الٰہی پر عدمِ اعتماد کا اعلان ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وما النصر الا من عند اللّٰہ نیز حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اس قول سے یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ باطل خواہ کتنا ہی منہ زور ہو زود یا بدیر کامیابی اور برتری حق ہی کے پاؤں چومتی ہے۔ حضرت موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کو جب اللہ تعالیٰ نے فرعون کے پاس بھیجا تھا تو اس اصول سے باخبر کر دیا تھا اور فرمایا تھا: "غلبہ تمہارا اور تمہارے پیروؤں کا ہی ہو گا" (القصص: ۳۵) مگر بایں ہمہ حضرت موسیٰ کا اپنی مظلوم و مقہور قوم کو قطعیت کے بجائے رجاء کے انداز میں یہ فرمانا کہ "امید ہے تمہارا رب تمہارے دشمن کو ہلاک کر دے" دراصل تفویضِ مطلق اور توکلِ خالص کا اظہار ہے اور اس سے اصل مقصد قوم کو رجوع الی اللہ کا مسلک اختیار کرنے کی تلقین ہے لیکن یہ تفویضِ مطلق اور توکلِ خالص کا اعلان اس مرحلہ پر آ کر کیا گیا ہے جبکہ حضرت موسیٰ اللہ کے راستہ میں اپنی ہر چیز قربان کر چکے تھے اور سعی و جہد کی آخری رمق بھی پیش کر چکے تھے اور اربابِ اقتدار کے سامنے ہر ممکن ذریعہ سے دعوتِ حق کو واضح کر چکے تھے۔

حضرت موسیٰ کا یہ حقیقت آمیز ارشاد دعوتِ اسلامی کے علمبرداروں کو ایک عام فکری لغزش سے اجتناب کی نصیحت کرتا ہے۔ نصرتِ الٰہی کے معاملے میں جلدی مچانا، دعوت کو بے ثمر دیکھ کر بیزار ہو جانا اور یاس کا شکار ہو جانا اسی فکری لغزش کے مظاہر ہیں۔ دعوت کو فروغ حاصل ہو یا ابتلاء اور آسمانی مدد کی کوئی علامت اُفقِ دعوت پر نمودار ہو یا نہ ہو، دونوں حالتوں میں داعی کو باوقار اور پُرامید رہنا چاہیے۔ کامیابی دیکھ کر اترانا درست نہیں ہے اور شکست ہو تو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اضطراب صحیح نہیں ہے

فتح و شکست نصیبوں پہ ہے وے آمیر
مقابلہ تو دلِ ناتواں نے خوب کیا

دوسری اہم حقیقت جو حضرت موسیٰ کے جواب سے اُجاگر ہوتی ہے وہ آپ کا یہ ارشاد ہے کہ "اور امید ہے کہ اللہ تم کو زمین میں خلیفہ بناتے پھر دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو"۔ آپؑ نے کامیابی اور غلبہ کو خلافتِ الٰہی سے تعبیر کیا ہے۔ اس سے اولاً تو پہلی حقیقت کی مزید تائید ہوتی ہے کہ خلافت عطا کرنا اور ضعیفوں کو قوت دینا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے اور ثانیاً یہ معلوم ہوا کہ غلبہ محض کا حصول نصرتِ الٰہی نہیں ہے۔ بلکہ درحقیقت نصرتِ الٰہی یہ ہے کہ کامیاب ہونے والا گروہ منصبِ خلافت پائے۔ اس بیان سے یہ عقدہ بھی حل ہوا کہ استخلاف فی الارض نعمت مطلق اور عطیۂ الٰہی نہیں ہے بلکہ اللہ نے اسے انسانوں کے اعمال پرکھنے کا ایک ذریعہ بنایا ہے اور اعلان فرمایا ہے کہ وہ اس منصب پر فروکش ہونے والوں کی تمام کارگزاریوں پر نظر رکھے گا اور پھر ان کارگزاریوں کے بموجب اپنی نصرت کو برقرار رکھنے یا منقطع کر دینے کا فیصلہ کرے گا پس نصرتِ الٰہی ہمیشہ اس عمل کے بمقدار نازل ہوتی رہے گی جو کامیاب ہونے والا گروہ حصولِ کامیابی کے بعد خداوند جلّ و علا کے حضور پیش کرے گا۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ ہوا کہ نصرتِ الٰہی کا دارومدار دو چیزوں پر ہے ایک حسنِ نیت اور دوسرے حسنِ عمل۔ چنانچہ ہر وہ غلبہ جو عزم صالح اور ارادۂ نیک پر مبنی نہیں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ اعمال کے ساتھ مربوط نہیں ہے میزانِ خداوندی میں سراسر بے قیمت ہے اور نصرتِ الٰہی کے عنوان سے قطعاً محروم ہے۔ اہلِ ایمان کو ایسے بے بنیاد غلبہ اور جھوٹے وقار کو درخورِ اعتنا نہ سمجھنا چاہیے کیونکہ بسا اوقات ایسے لوگوں کو بھی بظاہر غلبہ حاصل ہو جاتا ہے جو درحقیقت اللہ کے نزدیک ملعون اور معتوب ہوتے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُن کو مہلت کے طور پر غلبہ نصیب ہو جاتا ہے تاکہ وہ ظلم و استبداد کی جس انتہا تک پہنچنا چاہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

پہنچ جائیں اور پھر غضبِ الٰہی کے زیادہ سے زیادہ مستحق ثابت ہو جائیں۔ یہ شکل ایسے لوگوں کو ایک بڑی شکست اور ایک رسوا ترین عاقبت سے دوچار کرنے کے لیے استدراج کے طور پر اختیار کی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسی عظیم حقیقت کی نشاندہی کرتے ہوئے فرماتا ہے:

"اور جب انہوں نے اس نصیحت کو، جو انہیں کی گئی تھی، بھلا دیا تو ہم نے ہر طرح کی خوشحالیوں کے دروازے ان کے لیے کھول دیئے یہاں تک کہ جب وہ ان بخششوں میں جو انہیں عطا کی گئی تھیں خوب مگن ہو گئے تو اچانک ہم نے انہیں پکڑ لیا اور وہ یکایک ہکا بکا رہ گئے۔ اس طرح ان لوگوں کی جڑ کاٹ کر رکھ دی گئی جنہوں نے ظلم کیا تھا اور سب تعریف اللہ رب العٰلمین ہی کے لیے ہے" (اعراف: ۴۴-۴۵)

**مصلحت کا انجام**

فرعون کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے یہی معاملہ کیا۔ حق اگرچہ حضرت موسیٰ کے ساتھ تھا، اور حضرت موسیٰ کے برحق ہونے کی واضح دلیل خود جادوگروں کے کھلم کھلا ایمان لے آنے میں موجود تھی مگر اس کے باوجود فرعون نے کچھ عرصے تک مصر میں تشدد و سفاکیت کی فضا پیدا کیے رکھی، برابر ظلم و ستم کا ارتکاب کرتا رہا، بنی اسرائیل کا خون پانی کی طرح بہاتا رہا۔ باشندگانِ ملک دم بخود تھے۔ کسی ایک کو بھی حق بات کہنے کی جرأت نہیں ہوتی۔ مصلحت شناس لوگ بھی اپنے زاویوں سے نکل کر تقرب شاہی کے پیچھے ہاتھ پاؤں مارنے لگے۔ اور اس طرح فرعون کے نظامِ جبر کو مزید ممتد کرنے کا موجب ہوئے۔ اس مصلحت شناس گروہ میں سے وہ لوگ بھی تھے جو خود حضرت موسیٰ کی قوم میں سے تھے۔ مگر اپنے مصالح کی بنا پر حضرت موسیٰ کو چھوڑ چکے تھے۔ ایسے لوگوں میں سے اللہ تعالیٰ نے ایک شخصیت کا قرآن میں ذکر کیا ہے۔ اور وہ قارون کی شخصیت ہے: "قارون موسیٰ کی قوم کا ایک شخص تھا، پھر وہ اپنی قوم کے خلاف سرکش ہو گیا اور ہم نے اس کو اتنے خزانے دے رکھے تھے کہ ان کی کنجیاں طاقتور آدمیوں کی ایک جماعت مشکل سے اٹھا سکتی تھی، ایک دفعہ اس کی قوم کے لوگوں نے اس سے کہا: "پھول نہ جا، اللہ پھولنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ جو مال اللہ نے تجھے دیا ہے اس سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

آخرت کا گھر بنانے کی فکر کر اور دنیا میں سے بھی اپنا حصہ فراموش نہ کر۔ احسان کر جس طرح اللہ نے تیرے ساتھ احسان کیا ہے اور زمین میں فساد برپا کرنے کی کوشش نہ کر۔ اللہ مفسدوں کو پسند نہیں کرتا" (القصص: ۷۶-۷۷)

سب سے تعجب انگیز بات یہ ہے کہ یہ قارون جسے مال و دولت کی فراوانی اور جاہ و منزلت کی محبت نے جادۂ مستقیم سے منحرف کر دیا تھا، حضرت موسیٰ کا رشتہ دار تھا۔ بلکہ بتایا جاتا ہے کہ حضرت موسیٰ کا چچا زاد بھائی تھا۔ اس کا نام "منور" تھا۔ تورات کو بڑی خوش الحانی کے ساتھ پڑھتا تھا (ابن کثیر) لیکن جب وہ جادۂ حق سے منحرف ہو گیا تو اللہ تعالیٰ کی گرفت سے اُسے نہ مال و دولت بچا سکا، نہ نبی کی قرابت داری کام آئی اور نہ تورات کا خوش الحانی سے پڑھنا سود مند ثابت ہوا۔ اللہ تعالیٰ کی شدید ترین لعنت نے اسے آ دبوچا "ہم نے اسے اور اُس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا، پھر کوئی اُس کے حامیوں کا گروہ نہ تھا جو اللہ کے مقابلہ میں اُس کی مدد کو آتا اور نہ وہ خود اپنی مدد آپ کر سکا۔" (القصص: ۸۱)

**ضعفاء کے حیلے** لوگوں پر فرعون کا تشدد اپنی انتہا کو پہنچ گیا، ہر طرف خوف و ہراس کے بادل چھا گئے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے ساتھیوں کو روپوش ہو جانے اور پناہ گاہوں کا رُخ کرنے کا مشورہ دیا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "اور ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کو اشارہ کیا کہ مصر میں اپنی قوم کو لیکر گھروں میں پناہ گزین ہو جاؤ اور اپنے مکانوں کو قبلہ قرار دے لو اور نماز قائم کرو اور اہلِ ایمان کو بشارت دے دو۔" (یونس: ۸۷)

**حضرت موسیٰ کی دُعا** بنی اسرائیل کے مصائب و آلام روز بروز بڑھتے گئے۔ بالآخر حضرت موسیٰ نے اللہ تعالیٰ کے سامنے دُعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور عرض کیا: "اے ہمارے پروردگار! تو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو دنیا کی زندگی میں زینت اور اموال سے نواز رکھا ہے۔ اے رب کیا یہ اس لیے ہے کہ وہ لوگوں کو تیری راہ سے بھٹکائیں؟ اے رب! ان کے مال غارت کر دے اور ان کے دلوں پر ایسی مہر کر دے کہ ایمان نہ لائیں جب تک دردناک عذاب نہ دیکھ لیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اللہ تعالیٰ نے جواب میں فرمایا: تم دونوں کی دعا قبول کی گئی۔ ثابت قدم رہو اور ان لوگوں کے طریقے کی ہرگز پیروی نہ کرو جو علم نہیں رکھتے"۔ (یونس: ۸۸-۸۹)

لیکن اس دعا کے مستجاب کے آثار ایک مدت کے بعد ہویدا ہوتے۔ جسے بعض مفسرین نے چالیس روز بتایا ہے اور بعض نے چالیس سال۔ بہرحال جب قرآن نے خود اس مدت کا تعین نہیں کیا، ہمیں اس کے تعین کی چنداں ضرورت نہیں۔ ہمارے لیے یہاں صرف اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ حالات کی کشادگی اور مصائب کے چھٹنے میں تاخیر کا واقع ہو جانا دعا کی عدمِ قبولیت کی علامت نہیں ہے۔ قبولیتِ دعا کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں کے حالات و معاملات اُسی طرح تبدیل کر دے جس طرح وہ چاہتے ہیں دعا مانگنے والا انسان خواہ اللہ تعالیٰ کی محبوب ترین مخلوق میں سے ہی کیوں نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اپنی سنت و مصلحت کے مطابق ہی حالات کو گردش دیتی ہے۔ وہ ذات اپنے بندوں پر رحیم و شفیق ہے۔ اور اُن کے حقیقی مصالح سے بخوبی واقف ہے۔

**نظامِ آمریت کی نفسیاتی کیفیات**

قبولیتِ دعا کا آغاز اس طرح سے ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ اور ان کی قوم کو مصر سے ہجرت کر جانے کی اجازت دے دی۔ چنانچہ یہ لوگ مصر سے نکل پڑے۔ فرعون غضبناک ہو گیا۔ اُسے یہ ناگوار گزرا کہ حضرت موسیٰؑ اور ان کے پیرو فرعونی نظام کے آگے سرِ اطاعت خم کر دینے کے بجائے ملک سے خروج کر رہے ہیں۔ اُس کا یہ غصہ دو باتوں سے مرکب تھا۔ ایک یہ کہ بنی اسرائیل کی ہجرت سے باقیماندہ باشندگانِ ملک کے اندر بھی استبداد کے خلاف بغاوت کا جذبہ اُبھر آئے گا۔ اور فرعونی اقتدار کی چولیں ڈھیلی پڑ جائیں گی اور ثانیاً یہ کہ ہو سکتا ہے کہ بنی اسرائیل ساز و سامان سے لیس ہو کر باہر سے سلطنتِ فرعون پر حملہ کر دیں۔ بہرحال ڈکٹیٹر ہمیشہ طرح طرح کے اندیشوں کے اندر گھرا رہتا ہے۔ اور اپنے ظلم و ستم کی بنا پر اُسے ہر وقت یہ خدشہ لاحق رہتا ہے کہ کوئی ہاتھ اُسے ناگہانی طور پر کیفرِ کردار تک نہ پہنچا دے۔ فرعون کی بوکھلاہٹ بھی اسی نفسیاتی کیفیت کا مظہر تھی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**فرعون کا عبرتناک انجام** | بنی اسرائیل کی ہجرت کی خبر سن کر فرعون نے فوراً اپنی فوجوں کو اکٹھا کیا اور اسلحہ سے لدا ہوا لشکر لے کر بنی اسرائیل کے تعاقب میں نکل پڑا۔ اس لشکر کے پیش رووں میں خود فرعون اور اس کے درباری اور حاشیہ نشین تھے۔ طلوعِ صبح کے وقت یہ ساحل سمندر کے قریب حضرت موسیٰ کے ساتھیوں تک پہنچ گئے۔ حضرت موسیٰ کے ساتھیوں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو ایک لشکرِ عظیم چمکتی ہوئی تلواروں کے ساتھ نظر آیا اور جب اپنے آگے نگاہ دوڑائی تو تلاطم خیز سمندر نظر آیا۔ انہیں اپنی ہلاکت کا یقین ہو گیا۔ اور وہ اضطراب شدید میں مبتلا ہو گئے۔ مگر حضرت موسیٰ یقین و اذعان کے پُرکیف لمحوں میں ڈوبے ہوئے تھے۔ اور انہیں ذاتِ الٰہی کے ماسوا کسی چیز کا احساس تک نہیں تھا۔ اس نازک گھڑی کی منظر کشی کرتے ہوئے قرآن نے بتایا ہے کہ "صبح ہوتے ہی یہ لوگ (یعنی فرعون اور اس کی افواج قاہرہ) ان کے تعاقب میں چل پڑے۔ جب دونوں گروہوں کا آمنا سامنا ہوا تو موسیٰ کے ساتھی چیخ اٹھے کہ "ہم تو پکڑے گئے"۔ موسیٰ نے کہا "ہرگز نہیں۔ میرے ساتھ میرا رب ہے۔ وہ ضرور میری رہنمائی کرے گا"۔ ہم نے موسیٰ کو وحی کی کہ "مار اپنا عصا سمندر پر"۔ یکایک سمندر پھٹ گیا اور اس کا ہر ٹکڑا ایک عظیم الشان پہاڑ کی طرح ہو گیا"۔ (الشعراء: ۶۰-۶۱) جب انسانی وسائل جواب دے گئے اور بشری تدبیریں ناکامی کی نذر ہو گئیں تو ایک معجزہ نمودار ہوا اور عین عالم یاس میں رحمتِ خداوندی نے دستگیری کی۔ حضرت موسیٰ اور ان کے ساتھی سمندر میں داخل ہو گئے۔ لشکرِ فرعون نے ساحل سمندر تک آ کر واپس چلا جانا اپنی شانِ بلند کے منافی سمجھا اور وہ بھی سمندر میں داخل ہو گیا۔ ایک صریح معجزہ دیکھ کر بھی ان لوگوں کی آنکھیں نہ کھلیں اور بالآخر ہٹ دھرمی، کوتاہ بینی اور جھوٹے غرور نے ان کو پنجۂ ہلاکت کے حوالے کر دیا: "اسی جگہ (سمندر کے بیچ) ہم دوسرے گروہ کو بھی قریب لے آئے۔ موسیٰ اور ان سب لوگوں کو جو ان کے ساتھ تھے، ہم نے بچا لیا اور دوسروں کو غرق کر دیا۔ اس واقعہ میں ایک نشانی ہے، مگر ان لوگوں میں سے اکثر ماننے والے نہیں ہیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ تیرا رب زبردست بھی ہے اور رحیم بھی ہے"۔ (الشعراء: ۶۴-۶۸)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**درسِ عبرت** | ہلاکتِ فرعون کا آخری منظر اللہ تعالیٰ نے خاص طور پر قصۂ فرعون میں ذکر کیا ہے۔ جس سے مقصود یہ ہے کہ قیامت تک آنے والے سرکش اور جابر حکمرانوں کو اپنا انجام معلوم ہوتا رہے۔ اور دوسرا درس یہ دیا کہ ظالم و جابر فرمانرواؤں کا دماغ اس وقت تک درست نہیں ہو سکتا اور وہ اس وقت تک راہِ حق اختیار نہیں کر سکتے جب تک کوئی بلائے عظیم اُن کا گلا نہیں دبوچ لیتی اور حالات اُن کے اختیار سے باہر نہیں ہو جاتے۔ ۔ ۔ ۔ "اور ہم بنی اسرائیل کو سمندر سے گزار لے گئے پھر فرعون اور اس کے لشکر ظلم اور زیادتی کی غرض سے ان کے پیچھے چلے ۔ حتیٰ کہ جب فرعون ڈوبنے لگا تو بول اٹھا "میں نے مان لیا کہ خداوندِ حقیقی اُس کے سوا کوئی نہیں ہے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں بھی سرِ اطاعت جھکا دینے والوں میں سے ہوں" (جواب دیا گیا) "اب ایمان لاتا ہے! حالانکہ اس سے پہلے تک تو نافرمانی کرتا رہا اور فساد برپا کرنے والوں میں سے تھا۔ اب تو ہم صرف تیری لاش ہی کو بچائیں گے تاکہ تو بعد کی نسلوں کے لیے نشانِ عبرت رہے۔ اگرچہ بہت سے انسان ایسے ہیں جو ہماری نشانیوں سے غفلت برتتے ہیں" (یونس: ۹۰ ۔ ۹۲)

**بنی اسرائیل کا یومِ آزادی** | بخاری میں حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ نے یہود کو محرم کی دسویں تاریخ کو روزہ رکھتے دیکھا۔ آپ نے یہود سے دریافت فرمایا: "یہ کیسا دن ہے جس میں تم روزہ رکھتے ہو؟" یہود نے کہا: "اس دن حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون پر غلبہ حاصل ہوا تھا" چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا: "تم حضرت موسیٰ کے ساتھ یہود سے زیادہ تعلق رکھنے کے حقدار ہو۔ لہٰذا تم بھی اس دن روزہ رکھا کرو۔"

بلا شبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اور آپ کے پیروکار اس امر کے زیادہ حقدار ہیں کہ وہ اس دن کو ایک یادگار کے طور پر خوش آمدید کہیں جس دن کو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون لعین پر فتح سے سرفراز فرمایا تھا پس ہر دور میں اسلامی دعوت کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علمبرداروں کو، خواہ وہ مشرق میں ہوں یا مغرب میں، فرعون و کلیم کی داستانِ کشمکش کا گہرا مطالعہ کرنا چاہیے اور جب کبھی انہیں کسی ظالم کے ظلم اور کسی آمر کی آمریت کے تند و تیز حملے اپنی لپیٹ میں لیں انہیں بنی اسرائیل کی اُس کٹھن آزمائش کو یاد کر لینا چاہیے، جس کا ذکر قرآن نے ان الفاظ میں کیا ہے: "فرعون نے زمین میں سرکشی کی اور اس کے باشندوں کو گروہوں میں تقسیم کر دیا۔ ان میں سے ایک گروہ کو وہ ذلیل کرتا تھا، اس کے لڑکوں کو قتل کرتا اور اُس کی لڑکیوں کو جیتا رہنے دیتا تھا، وہ مفسد لوگوں میں سے تھا" (القصص: ۵)

لیکن اس کے ساتھ انہیں اللہ تعالیٰ کا یہ امید افزا اور یقین افروز پیغام بھی یاد رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ بالآخر ضعفاء کو اپنی نصرت سے سرفراز کرتا ہے اور نظامِ جبر کو ایک مدت معین تک ڈھیل دینے کے بعد ضعفاء کے ہاتھوں کیفرِ کردار تک پہنچاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے حق میں یہی فرمایا تھا: "ہم نے ارادہ کر لیا کہ مہربانی کریں ان لوگوں پر جو زمین میں ذلیل کر کے رکھے گئے تھے اور انہیں پیشوا بنا دیں اور انہی کو وارث بنائیں، اور زمین میں ان کو اقتدار بخشیں اور ان سے فرعون و ہامان کے لشکروں کو وہی کچھ دکھلا دیں جس کا انہیں ڈر تھا" (القصص ۶)

یہ "مہربانی" غیر مشروط طور پر حاصل نہیں ہوتی بلکہ اس کی اولین شرط خود اللہ تعالیٰ نے یہ بیان کی ہے کہ "وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ" (غلبہ تمہیں ہی حاصل ہوگا بشرطیکہ تم مومن کامل بن کر رہے)۔

یوم عاشوراء کے روزے کے سلسلے میں مزید گزارش یہ ہے کہ جو لوگ یہ روزہ رکھنا چاہیں وہ دسویں تاریخ کے ساتھ نویں تاریخ کا بھی اضافہ کریں۔ اور ایک کے بجائے دو روزے رکھیں۔ مسلم میں مروی ہے کہ آپؐ نے فرمایا تھا کہ میں اگر آئندہ سال زندہ رہا تو نویں تاریخ کا بھی روزہ رکھوں گا آپؐ کا منشا یہ تھا کہ اس طرح یہود و نصاریٰ کی مکمل مشابہت سے احتراز کی صورت پیدا کر لی جائے۔

[ یہ مضمون "المسلمون" شام سے ماخوذ ہے ہم نے حسبِ ضرورت اس میں کہیں کہیں ترمیم و اضافہ سے کام لیا ہے ۔ خ-ح ]

© rasailojaraid.com